☆ شعر کے کسی بھی ایک حصے میں کسی ایک لفظ کا بار بار استعمال کیا کہلاتا ہے ............
☆ کلام میں کسی بھی چیز یا شخص کی حد سے زیادہ تعریف یا مذمت کیا کہلاتی ہے ............
☆ کلام میں اعداد کا استعمال کیا کہلاتا ہے ............
☆ کلام میں دو معنی الفاظ کا استعمال، یعنی کلام میں ایسا لفظ لانا جس کے دو معنی ہوں قریب کے اور دور کے سننے اور لیں مگر غور کرنے پر اصل معنی یعنی دور کے مراد ہو، کیا کہلائے گا ............

[illegible] میں ''اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت سیاق الاعداد

شب جو مسجد میں جا پھنسے مومن — رات کاٹی خدا خدا کر کے
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت ایہام

''پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر — مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت مبالغہ

'' پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے — جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت تکرار

''چمن میں کس نے نگاہ ڈالی آج — جو کھل کھلاتی ہے گل کی ہر ایک ڈالی آج''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت تجنیس

''جو [illegible] کے نہ جا وہ بڑھاپا دیکھا — جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... صنعت تضاد

''پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے — جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... مراۃ النظیر

''ابن مریم ہوا کرے کوئی — میرے دکھ کی دوا کرے کوئی''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... تلمیح

''پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی — ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی''
درج بالا شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے ...... حسن تعلیل

# علم ہجا

وہ علم کیا کہلاتا ہے جس میں حروف کی آوازوں اور حرکات سے بحث کی جائے ...... علم ہجا
کسی علامت یا حرف کی درست آواز کو کیا کہتے ہیں ...... تلفظ
اردو کے حروف ہجا کتنے ہیں ...... 52
مفرد اور مرکب حروف ہجا کتنے ہیں ...... 37 مفرد اور 15 مرکب ہیں
بھ، پھ، تھ، ٹھ، جھ، چھ، دھ، ڈھ، رھ، ڑھ، کھ، گھ، لھ، مھ، نھ، کون سے حروف ہیں ...... مرکب
ایسے حروف جن کے شروع میں ''ال'' لکھنے میں آئے لیکن پڑھنے میں نہ آئے، کیا کہلاتے ہیں ...... 14 شمسی حروف
شمسی حروف کی تعداد کتنی ہے ...... چودہ
وہ حروف جن کے شروع میں ''ال'' لکھنے میں بھی آئے اور پڑھنے میں بھی کیا کہلاتے ہیں ...... قمری حروف
قمری حروف کی تعداد کتنی ہے ...... 14 چودہ
ایسے حروف جن کی شکل ایک جیسی ہوتی ہے مگر آواز مختلف کیا کہلاتے ہیں ...... متشابہ حروف
وہ حروف جن پر نقطے ہوں کیا کہلاتے ہیں ...... 17 حروف منقوط
ایسے حروف جن پر نقطے نہ ہو کیا کہلاتے ہیں ...... 20 غیر منقوط حروف

☆ منقوطہ حروف کی تعداد کتنی ہے ............ 17

☆ غیر منقوطہ حروف کی تعداد بشمول ہمزہ کتنی ہے ............ 20

☆ ایسی "و" جو لکھنے میں آئے مگر پڑھنے میں نہ آئے کیا کہلاتی ہے ............ واو معدولہ

☆ ایسی "ہ" جو واضح بولی جائے کیا کہلاتی ہے ............ ہائے ملفوظی

☆ ث، ح، ذ، ص، ض، ط، ظ، ع، ق، ان حروف کا تعلق کس زبان سے ہے ............ عربی

☆ ہندی حروف کون کون سے ہیں ............ ڈ، ٹ، ڑ، ہندی حروف ہیں

☆ خالص فارسی حروف کون سے ہیں ............ پ، ژ، چ، گ،

☆ ایسی "و" جو کھل کر پڑھی جائے کیا کہلاتی ہے ............ واو معروف

# اردو گرامر

☆ علم صرف کا موضوع ہے ............ الفاظ

☆ کلمہ کی اقسام کتنی ہیں ............ تین (اسم، فعل، حرف)

☆ ایسا اسم جو کسی کی اچھائی یا برائی کو ظاہر کرے کہلاتا ہے ............ اسم صفت

☆ "سبز طوطا" "اونچی دیوار" مثالیں ہیں ............ اسم صفت کی

☆ ایسا اسم جو خاص شخص، چیز یا جگہ کو ظاہر کرے کہلاتا ہے ............ اسم معرفہ

☆ اسم علم کی اقسام کتنی ہیں ............ پانچ (خطاب، لقب، عرف، تخلص، کنیت)

☆ وہ نام جو اعزازی طور پر عطا ہو کہلاتا ہے ............ خطاب

☆ ایسا نام جو کسی وصف یا خصوصیت کی بنا پر بولا جائے کہلاتا ہے ............ لقب

☆ کلیم اللہ، روح اللہ، گرامر کی رو سے کیا ہے ............ لقب

☆ وہ مختصر نام جو شاعر شاعری میں استعمال کرتا ہے، کہلاتا ہے ............ تخلص

☆ حالی، غالب، فراز، وغیرہ مثالیں ہیں ............ تخلص کی

☆ محبت اور حقارت سے پکارا جانے والا نام، کیا کہلاتا ہے ............ عرف

☆ اچھو، گاماں، بوبی، گرامر کی رو سے کیا ہیں ............ عرف

☆ ایسا نام جو کسی رشتے یا نسبت کو ظاہر کرے، کہلاتا ہے ............ کنیت

☆ ابوالقاسم، ابن مریم، بنت حوا، مثالیں ہیں ............ کنیت کی

☆ چاقو، چھری، تلوار، بندوق، گرامر کی رو سے کیا ہیں ............ اسم آلہ

☆ مسواک، تھرمامیٹر، قینچی، مثالیں ہیں ............ اسم آلہ کی

☆ ٹیں ٹیں، میں میں، چھم چھم، مثالیں ہیں ............ اسم صوت کی

☆ ڈبیا، پچ، بچھڑا، ڈھولک مثالیں ہیں ............ اسم مصغر کی

☆ جھنڈا، چھتر، شاہ رگ، گرامر کی رو سے ہیں ............ اس[illegible]

☆ مسجد، کارخانہ، سکول، مثالیں ہیں ............ اس[illegible]

☆ اسم ظرف کی کتنی قسمیں ہیں ............ دو (ظرف زماں، ظ[illegible]

اسم کی اقسام بلحاظ بناوٹ کتنی ہیں ............................ تین (اسم جامد، اسم مصدر، اسم مشتق)

ولت، چٹان، پتھر، مثالیں ہیں ............................ اسم جامد

☆ اسم مشتق کی اقسام لکھیں ............................ اسم فاعل، اسم مفعول، اسم حالیہ، اسم حاصل مصدر، اسم معاوضہ

☆ پسوائی، سلائی، رنگائی، گرامر کی رو سے کیا ہے ............................ اسم معاوضہ

☆ اسم کی اقسام بلحاظ جنس کتنی ہیں ............................ دو (مذکر، مونث)

☆ تعداد کے لحاظ سے اسم کی اقسام بیان کریں ............................ دو (واحد، جمع)

☆ اسم کی اقسام معنی کے لحاظ سے کتنی ہیں ............................ دو (معرفہ، نکرہ)

☆ اسم معرفہ کی اقسام لکھیں ............................ اسم علم، اسم اشارہ، اسم ضمیر، اسم موصول

☆ اسم نکرہ کی اقسام لکھیں ............................ اسم ذات، اسم عدد، اسم صفت، اسم جنس، اسم استفہام

☆ اسم ذات کی اقسام کتنی ہیں ............................ چھ (اسم مکبر، اسم مصغر، اسم آلہ، اسم ظرف، اسم صوت، اسم جمع)

☆ جماعت، فوج، ٹیم، گرامر کی رو سے کیا ہے ............................ اسم جمع

☆ اسم صفت کے درجے کتنے ہیں ............................ تین (نفسی، بعض، کل)

☆ مصدر کی اقسام بلحاظ بناوٹ کتنی ہے ............................ دو (مصدر اصلی، مصدر جعلی)

☆ وہ مصدر جو صرف فاعل کو چاہے کیا کہلاتا ہے ............................ مصدر لازم

☆ ایسا مصدر جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے کہلاتا ہے ............................ مصدر متعدی

☆ لکھنے والا، پڑھنے والا، آنے والا گرامر کی رو سے کیا ہیں ............................ اسم مشتق

☆ جلنا سے "جلن"، گھبرانا سے "گھبراہٹ" گرامر کی رو سے کیا ہیں ............................ اسم حاصل مصدر

☆ ایسا فعل جس میں "حال" اور "مستقبل" دونوں کے معنی ہوں، کہتے ہیں ............................ فعل مضارع

☆ جس فعل کا فاعل معلوم ہو، کہتے ہیں ............................ فعل معروف

☆ جس فعل کا فاعل معلوم نہ ہو، کہتے ہیں ............................ فعل مجہول

☆ پر، میں، سے، تک، اوپر، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف جار

☆ اور، و، یا، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف عطف

☆ دو اسموں، فعلوں یا پھر جملوں کو ملانے والے حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف عطف

☆ کا، کی، کے، اور را، ری، رے، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف اضافت

☆ اگر، اگرچہ، ہرچند، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف شرط و جزا

☆ واہ، واہ، آہا، سبحان اللہ، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حروف انب[illegible]

☆ ارے، اوئے، اجی، حروف کیا کہلاتے ہیں ............................ حر[illegible]

☆ اچھا، ہاں، بھلا، ٹھیک، کون سے حروف کہلاتے ہیں ............................ حر[illegible]

☆ حیف، ہائے، اف، وائے، کون سے حروف کہلاتے ہیں ............................

☆ ایسا علم جس میں کلام کے اجزاء کی درست ترتیب، ترکیب اور [illegible]
باہمی تعلقات کو موضوع بنایا جاتا ہے، کیا کہلاتا ہے ............................

★ مرکب کی اقسام کتنی ہیں ............................ دو (مرکب [illegible]

☆ مرکب ناقص کی اقسام لکھیں ........ مرکب اضافی، مرکب توصیفی، مرکب عطفی، مرکب جاری، مرکب عددی

☆ "قلم کی کتاب" گرامر کی رو سے کیا ہے ........ مرکب اضافی

☆ "چاند اور ستارے" گرامر کی رو سے کیا ہے ........ مرکب عطفی

☆ "چار پتے" گرامر کی رو سے کیا ہیں ........ مرکب عددی

☆ "نیک آدمی" گرامر کی رو سے کیا ہے ........ مرکب توصیفی

☆ مسند الیہ" اور مسند" دونوں جس جملے میں اسم ہوں گے اور آخر میں فعل ناقص آئے گا، وہ جملہ کیا کہلائے گا ........ جملہ اسمیہ

☆ جملہ اسمیہ کے اجزاء لکھیں ........ مبتدا، خبر، فعل ناقص

☆ مسند الیہ" اسم جبکہ "مسند" فعل ہو اور آخر میں فعل تام آئے، ایسے جملے کو کیا کہیں گے ........ جملہ فعلیہ

☆ جملہ فعلیہ کے اجزاء لکھیں ........ فاعل، مفعول، فعل تام

# گرامر اور صنائع بدائع سے متعلق اہم کتابیات

| نام کتاب | مصنف | اہم نکات |
|---|---|---|
| بحاد بھید | خوب محمد چشتی | صنائع بدائع کے حوالے سے تاریخی کتاب ہے۔ |
| دریائے لطافت | انشاء اللہ خان/مرزا قتیل | 1802 میں لکھی گئی، 1850 میں مرشد آباد سے شائع ہوئی، قواعد کی کتاب ہے۔ |
| حدائق البلاغت | امام بخش صہبائی (ترجمہ) | اصل فارسی کی کتاب ہے میر شمس الدین دہلوی کی، اردو ترجمہ 1842 میں صہبائی نے کیا۔ |
| معیار البلاغت | منشی دیبی پرشاد | اس کے چھ ابواب ہیں۔ لکھنو سے 1860 میں شائع ہوئی۔ |
| بحر الفصاحت | مولوی نجم الغنی رامپوری | 1303ھ میں شائع ہوئی۔ |
| تسہیل البلاغت | محمد سجاد مرزا بیگ | دہلی سے 1924 میں شائع ہوئی۔ یہ ان کے لیکچرز کا مجموعہ ہے۔ 31 لیکچرز ہیں۔ |
| ہماری شاعری | مسعود حسن رضوی ادیب | 1927 میں انجمن ترقی اردو اورنگ آباد سے شائع ہوئی، بعد میں اس کا مقدمہ طاہر تونسوی نے لکھا اور 1998 لاہور سے دوبارہ شائع کروائی۔ |
| معیار سخن | طالب انصاری | ان کی تیسری کتاب ہے۔ 1933 میں لاہور سے شائع ہوئی۔ |
| حدیقہ ارم | مولوی عبد الحمید خان | پانچ ابواب ہیں۔ 1934 میں لاہور سے شائع ہوئی۔ |
| مراۃ الشعر | مولانا عبد الرحمان | لاہور سے 1950 میں شائع ہوئی۔ |
| تفہیم البلاغت | سید جلال الدین احمد | تین حصے ہیں۔ 1956 میں کراچی سے شائع ہوئی۔ |
| البیان | سید عابد علی عابد | 1989 میں مجلس ترقی ادب لاہور سے شائع ہوئی۔ |
| البدیع | سید عابد علی عابد | تین ابواب ہیں۔ 1985 میں مجلس ترقی ادب لاہور سے شائع ہوئی۔ |
| فصاحت و بلاغت | محمد طاہر فاروقی | پشاور سے 1959 میں شائع ہوئی۔ |
| [illegible] | مولوی رشید احمد | 1952 میں انجمن ترقی اردو سے شائع ہوئی۔ |

# اردو لسانیات

☆ لسانیات کی وہ کون سی شاخ ہے جس میں زبان کے ماخذ، ارتقاء اور تشکیل کو موضوع بنایا جاتا ہے ........ تاریخی لسانیات

☆ دو یا دو سے زیادہ زبانوں کے درمیان رشتوں کی نوعیت کا جائزہ لینا، لسانیات کی کون سی شاخ سے تعلق رکھتا ہے ........ تقابلی لسانیات

☆ زبان کی ساخت پہ بحث تجزیاتی حوالے سے کرنا، لسانیات کی کس شاخ میں ہوتا ہے ........ توضیحی لسانیات

☆ لسانیات کی کس شاخ میں زبان کے سیکھنے کے طریقوں اور اسلوب کے مطالعہ میں لسانیات سے مدد لے کر اس علم کے اصولوں پر اطلاق کیا جاتا ہے ........ اطلاقی لسانیات

☆ الفاظ، جملوں کے معنی اور سیاق وسباق کا تجزیہ کیا کہلاتا ہے ........ معنیات

☆ لفظوں کی جملوں میں ترتیب اور تقسیم اور ان کی مطابقت کا مطالعہ کیا جاتا ہے ........ نحویات میں

☆ آوازوں کے تغیرات کا جائزہ لینا جو لفظوں کی بناوٹ کے وقت اپنے اندر تبدیلیاں لاتے ہیں۔ لسانیات کے مطالعہ میں کیا کہلائے گا ........ مارفونیات

☆ الفاظ کی بناوٹ، عمل اور اقسام کی ساخت کا مطالعہ کیا کہلاتا ہے ........ مارفیمات

☆ فونیمیات کیا ہے ........ زبان میں عمل کے حوالے سے آواز کی بنیادی اور ذیلی حیثیتوں کا تعین کرنا

☆ "اردو پنجابی سے نکلی ہے" کس کا نظریہ ہے ........ حافظ محمود شیرانی

☆ "اردو رگ وید سے ہے" کس کا نظریہ ہے ........ سہیل بخاری

☆ "اردو پالی سے نکلی ہے" کس نے کہا ........ شوکت سبزواری

☆ "اردو دراوڑی سے نکلی ہے" کس کا قول ہے ........ عین الحق فرید کوٹی

☆ "اردو سندھی سے ہے" کس نے کہا ........ سلیمان ندوی

☆ "اردو برج بھاشا سے نکلی ہے" کس کا نظریہ ہے ........ محمد حسین آزاد

## لسانیات کے حوالے سے اہم کتابیات

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| اردو لسانیات | شوکت سبزواری | ہندوستانی لسانیات | محی الدین قادری زور |
| ہندوستانی لسانیات کا خاکہ | احتشام حسین | تشریحی لسانیات | سہیل بخاری |
| اردو لفظ کا صوتیاتی اور تجزیاتی مطالعہ | مسعود حسین خان | لسانیات اور تنقید | ناصر عباس نیر |
| اردو زبان اور لسانیات | گوپی چند نارنگ | شعری لسانیات | انیس ناگی |
| اردو میں لسانیات کے مباحث | عبدالغفور ساہی | توضیحی لسانیات | ایچ اے گلیسن |
| لسانی مطالعے | گیان چند | لسانی مسائل | شوکت سبزواری |
| اردو لسانیات کا مختصر خاکہ | احتشام حسین | ہمارے لسانی مسائل | خیال بخاری |
| ادبی و لسانی تحقیق | عبدالستار ردولوی | نقوش سلیمانی | سید سلیمان ندوی |

# تنقید

- تنقید کے کیا معنی ہیں ........ کھرے اور کھوٹے کو پرکھنا
- کسی ادیب یا شاعر کی تخلیقی چیز کی خوبیاں اور خامیاں تلاش کر کے اس کے مرتبے کا تعین کرنا، کیا کہلاتا ہے ........ تنقید
- ادب میں سب سے پہلے تنقید کا کام کس نے کیا ........ یونانیوں نے
- ارسطو کی کتاب ''بوطیقا'' اور افلاطون کی ''فیدرس'' کی کیا اہمیت ہے ........ تنقیدی نظریات پر مبنی ہیں
- ''تنقید ہمارے لئے اتنی ضروری ہے جتنی کہ سانس'' کس نے کہا ........ ٹی ایس ایلیٹ
- ''تنقید کوئی کھیل نہیں جسے ہر کوئی بہ آسانی کھیل سکے'' کس کا قول ہے ........ کلیم الدین احمد
- ''نقاد کا کام بہترین خیالات کی ترویج ہے'' کس کا قول ہے ........ میتھیو آرنلڈ
- اہل قلم کا ایسا گروہ، جو کچھ تخلیقی اصول وقواعد پر متفق ہو، کیا کہلاتا ہے ........ دبستان
- نظری تنقید سے بنائے گئے قواعد وضوابط کی روشنی میں ادبی تخلیقات کی خوبیاں اور خامیاں اجاگر کرنا، کون سی تنقید کہلاتی ہے ........ عملی تنقید
- قانونی تنقید کا بانی کون ہے ........ نبورس
- تشریحی تنقید میں کس کو بابائے تنقید کہتے ہیں ........ ڈرائیڈن کو
- ایسی تنقید جس میں الفاظ کی بحث ہو اور خیالات کی شرح بیان ہو کیا کہلاتی ہے ........ تشریحی تنقید
- ''اردو کا بیشتر تنقیدی سرمایہ توضیحی تنقید کے زمرے میں آتا ہے'' کس نے کہا ........ ڈاکٹر سلیم اختر
- تحلیل نفسی کا نظریہ کس نے پیش کیا ........ سگمنڈ فرائیڈ
- پہلا جمالیاتی نقاد کس کو مانا جاتا ہے ........ والٹر پیٹر
- ''ادب وہ ہے جو تعریف کی حد سے باہر اور تحسین کی کوشش سے ماورا ہو'' کس کا قول ہے ........ سید عبداللہ
- لسانیات میں زبان کی سطحیں کون کون سی ہیں ........ صوتیات، لفظیات، نحویات، معنویات
- اسلوبیات'' لسانیات کی کس شاخ سے تعلق رکھتی ہے ........ وضاحتی لسانیات
- 'ساختیات'' کا بانی کون ہے ........ فرڈیننڈ ڈی سوسئیر
- ردتشکیل کا آغاز کب ہوا ........ 1966
- ارسطو کے دور میں شاعری کی اصناف کون کون سی تھیں ........ رزمیہ، المیہ، غنائیہ، غزلیہ، مزاحیہ
- نظریہ نقالی کس نے پیش کیا ........ ارسطو
- تصور المیہ'' کس نے پیش کیا ........ ارسطو
- حزنیہ کے بہ اعتبار صفات کتنے حصے ہیں، بقول ارسطو ........ چھ
- نظریہ امکان'' کس نے پیش کیا ........ ارسطو
- نظریہ کتھارسس'' کس نے پیش کیا ........
- ارسطو نے المیہ کے کتنے حصے بتائے
- ارسطو نے ''تریجڈی'' کی کتنی قسمیں بتائیں
- جذبات کے انخلا کو کیا کہتے ہیں
- شعری ماہیت پر لکھی گئی تنقیدی کتاب ''بائیوگرافیا لٹریریا'' کس کی ہے

قوتِ متخیلہ'' کس کے تنقیدی نظریات میں اہم ہے ........ کولرج

''شاعری اظہار جذبات نہیں بلکہ جذبات سے فرار کا نام ہے'' کس کا قول ہے ........ ٹی ایس ایلیٹ

روایت'' کا لفظ کس کے تنقیدی نظریات میں اہم ہے ........ ٹی ایس ایلیٹ

روایت، تاریخی شعور، اور ماضی کے ورثے پر کس نے زور دیا ........ ٹی ایس ایلیٹ

اردو میں تنقید کا آغاز کہاں سے ہوا ........ فارسی سے

اردو میں باقاعدہ تنقید کا آغاز کیسے ہوا ........ مولانا حالی کے مقدمہ سے جو ان کے دیوان کے ساتھ 1893ء میں شائع ہوا

اردو میں تنقید کی پہلی کتاب کون سی ہے ........ مقدمہ شعر و شاعری

مقدمہ شعر و شاعری کے کتنے حصے ہیں ........ دو

مقدمہ شعر و شاعری کے پہلے حصے کی کیا خصوصیت ہے ........ اس میں، شعر کی تعریف، تاثیر، افادیت اور الفاظ معانی کی اہمیت بیان ہوئی ہے

دوسرے حصے میں کیا بیان ہوا ہے ........ اہم اصناف سخن کی تفصیل اور ان کے معیارات

''مثنوی ایک مفید اور کار آمد صنف ہے'' کس نے کہا ........ حالی نے

حالی نے شعر کی خوبیاں کون کون سی بتائیں ہیں ........ سادگی، جوش، شعر کا اصلیت پر مبنی ہونا

''شعر کے لیے مناسب ترین وقت وہ ہے جب کسی مضمون کا جوش شاعر کے دل میں خود بخود جنم لے'' کس کا قول ہے ........ حالی

حالی نے غزل میں کن چیزوں کی مذمت کی ... شراب اور اس کے لوازمات، اہل شرح اور اہل تقویٰ کے اعمال پر تنقید، مے خواری اور توبہ شکنی پر فخر

حالی نے شاعری کی کیا شرائط بیان کیں ........ تخیل، کائنات کا مطالعہ تفحص الفاظ، قسم قسم کی باتیں

شعر العجم'' کتاب کس کی ہے ........ شبلی نعمانی کی

شعر العجم'' کا حصہ چہارم کیوں اہم ہے ........ شبلی نے اس حصے میں اپنے تنقیدی نظریات کو پیش کیا ہے

''شاعری دراصل دو چیزوں کا نام ہے، محاکات، اور تخیل'' کس کا قول ہے ........ شبلی نعمانی

شعر العجم'' کتاب کی کتنی جلدیں ہیں ........ پانچ

کلیم الدین احمد نے اپنی کس کتاب میں، مثنوی، مرثیہ، اور قصیدہ کے نقائص بیان کیے ........ اردو شاعری پر ایک نظر

اردو تنقید پر ایک نظر'' کس کی کتاب ہے ........ کلیم الدین احمد

اردو شاعری پر ایک نظر'' کتاب کے کتنے حصے ہیں ........ دو

کس تنقید نگار کے نزدیک مشرقی ادب غیر اہم اور بے وقعت ہے ........ کلیم الدین احمد

انسان اور آدمی'' ستارہ یا بادبان'' تنقیدی مضامین کے مجموعے کس کے ہیں ........ حسن عسکری

انسان اور آدمی'' میں کتنے مضامین ہیں ........ تیرہ

ستارہ یا بادبان'' میں کتنے مضامین ہیں ........ اٹھائیس

روایت کا نظریہ حسن عسکری کی کس کتاب میں موجود ہے ........ وقت کی راگنی

''ادب بنفسہ ایک نئے توازن کی تلاش کرتا ہے'' کس نے کہا ........ حسن عسکری

''ادب کا تعلق خیالات سے نہیں جذبات سے ہے'' کس نے کہا ........ حسن عسکری

تاثراتی تنقید کا علمبردار کس کو کہا جاتا ہے ........ نیاز فتح پوری

تقابلی تنقید کا بانی کون ہے ........ شبلی نعمانی

اردو میں نفسیاتی تنقید کا بانی کون ہے ........ میرا جی

تنقید میں معقولیت پسندی کا آغاز کس نے کیا ........ حالی

# تنقید پر مبنی کتابیات

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| اشارات تنقید | سید عبداللہ | مغرب کے تنقیدی اصول | سجاد باقر رضوی |
| نئی تنقید | جمیل جالبی | تعارف تنقید | سید خورشید حسین بخاری |
| اصول تعارف تنقید | صفدر علی | تنقید شعروادب | اے فاروق |
| اصول تنقید | مقبول احمد | رموز تنقید | تنویر بخاری |
| تنقید اور تجربہ | جمیل جالبی | ارسطو سے ایلیٹ تک | جمیل جالبی |
| اصول انتقاد ادبیات | سید عابد علی عابد | ادبی تنقید اور اسلوبیات | گوپی چند نارنگ |
| تنقید اور جدید اردو تنقید | وزیر آغا | تنقیدی اشارے | سید عبداللہ |
| تنقیدی دبستان | سلیم اختر | نفسیاتی تنقید | سلیم اختر |
| تنقید اور احتساب | وزیر آغا | تنقید کا نیا پس منظر | جیلانی کامران |
| تنقیدی مطالعے | وحید قریشی | اندازے | فراق گورکھپوری |
| اردو تنقید پر ایک نظر | کلیم الدین احمد | اردو تنقید کا ارتقاء | عبادت بریلوی |
| انتقادیات | نیاز فتح پوری | ادب کا تنقیدی مطالعہ | سلام سندیلوی |
| ادبی تنقید | ڈاکٹر محمد حسن | تنقید اور عملی تنقید | احتشام حسین |

# ادیبوں اور شاعروں کے اہم مضامین

| نام مضمون | لکھاری | نام مضمون | لکھاری |
|---|---|---|---|
| غدر کے حالات بڑے بوڑھوں کی زبانی | فرحت اللہ بیگ | خوش طبعی | محمد حسین آزاد |
| جھوٹ اور سچ کا رزم نامہ | محمد حسین آزاد | سیر زندگی | محمد حسین آزاد |
| مرقع خوش بیانی | محمد حسین آزاد | نکتہ چینی | محمد حسین آزاد |
| ملو کی بدنصیبی | محمد حسین آزاد | آزادی بڑی نعمت ہے | عبدالمجید سالک |
| چچا چھکن | عبدالمجید سالک | تصویر کشی کا شوق | عبدالرحمان چغتائی |
| ہم نے بھی مہندا کے دیکھ لیا | مجید لاہوری | چچا افلاطون | کنہیالال [illegible] |
| حجت چچا | سلیم احمد | میرے تین ننھے دوست | ابراہیم [illegible] |
| ہاسٹل میں پڑنا | پطرس بخاری | کل سویرے جو آنکھ میری کھلی | [illegible] |
| مرحوم کی یاد میں | پطرس بخاری | لاہور کا جغرافیہ | [illegible] |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اردو کی آخری کتاب | پطرس بخاری | کتے | پطرس بخاری |
| میں ایک میاں ہوں | پطرس بخاری | انجام بخیر | پطرس بخاری |
| میبل اور میں | پطرس بخاری | سینما کا عشق | پطرس بخاری |
| اٹھ بغلول کھا کھیر | رفیق چوہدری | کارنامہ | اطہر شاہ خان |
| بدنیت | علی سفیان آفاقی | کٹنگ شاپ | رضا علی عابدی |
| ہم لوگ | مستنصر حسین تارڑ | دھوکا | حسینہ معین |
| قربانی | مرزا ادیب | سرسید کا بچپن | فارغ بخاری |
| عید کب آئے گی | اے حمید | جانوروں کی پنچائیت | خالد اختر |
| ملائی بچے | ضمیر جعفری | گزرا ہوا زمانہ | سرسید احمد خان |
| امید کی خوشی | سرسید احمد خان | سراب حیات | سرسید احمد خان |
| آزادی رائے | سرسید احمد خان | تعلیم و تربیت | سرسید احمد خان |
| بحث و تکرار | سرسید احمد خان | خوشامد | سرسید احمد خان |
| آدم کی سرگزشت | سرسید احمد خان | یادش بخیر | مشتاق احمد یوسفی |
| کاغذی ہے پیراہن | مشتاق احمد یوسفی | حویلی | مشتاق احمد یوسفی |
| خاکم بدہن | مشتاق احمد یوسفی | پڑیے گر بیمار | مشتاق احمد یوسفی |
| گھر میں آنا مرغیوں کا | مشتاق احمد یوسفی | جنون لطیفہ | مشتاق احمد یوسفی |
| سکول ماسٹر کا خواب | مشتاق احمد یوسفی | دھیرج گنج کا پہلا یادگار مشاعرہ | مشتاق احمد یوسفی |
| شہر دو قصہ | مشتاق احمد یوسفی | | |

# اردو کے عناصر خمسہ...... مختصر تعارف

## شبلی نعمانی.......

- ☆ پیدائش...3 جون 1857...وفات.....18 نومبر 1914....کل عمر 57 سال۔
- ☆ اعظم گڑھ کے گاؤں بندول میں پیدا ہوئے۔
- ☆ شاگردوں کے نام: محمد حسین آزاد، سلیمان ندوی، سجاد حیدر یلدرم، تھے۔
- ☆ والد کا نام...حبیب اللہ والدہ کا نام...مقیم خاتون تھا۔
- ☆ شبلی نعمانی نے اسلامی تعلیم "مولانا فاروق چڑیا کوٹی" سے حاصل کی۔
- ☆ آرنلڈ سے شبلی نے فرانسیسی سیکھی اور پھر آرنلڈ کے ساتھ شام، مصر، اور ترکی بھی گئے، 1892 میں۔
- شبلی لکھنؤ میں "ندوۃ العلماء" کے پرنسپل رہے اور پانچ سال لکھنؤ میں گزارے۔
- ☆ 1913 میں شبلی نے دار المصنفین کی بنیاد اعظم گڑھ میں رکھی۔

☆ شبلی نیشنل کالج 1883 میں بنایا۔
☆ "سیرت النبی" کی پہلی دو جلدیں شبلی نعمانی نے اور باقی چار جلدیں سلیمان ندوی نے مکمل کیں۔
☆ شبلی نے شعرالعجم کی جلد چہارم میں اپنے تنقیدی نظریات بیان کیے۔
☆ موازنہ انیس و دبیر" شبلی کی عملی تنقید کی کتاب ہے۔

## تصانیف.......

۱۔ سیرۃ النعمان ------- 1891 ۲۔ المامون ---- 1898 ۳۔ الفاروق ----- 1899
۴۔ الغزالی --------- 1902 ۵۔ سوانح مولانا روم ---- 1904 ۶۔ سیرت النبی --- 1912
۷۔ شعرالعجم ۸۔ موازنہ انیس و دبیر

## الطاف حسین حالی............

☆ حالی 1837 میں پانی پت کے مقام پر پیدا ہوئے۔ اور 1914 کو فوت ہوئے۔
☆ والد کا نام خواجہ ایزد بخش تھا۔
☆ حالی نے سید جعفر علی سے فارسی اور مولوی ابراہیم انصاری سے عربی پڑھی۔
☆ 1854 میں دلی چلے گئے اور وہاں مولوی نوازش علی سے مزید عربی پڑھی۔
☆ 1856 میں کلکٹری حصار میں ملازمت اختیار کی۔
☆ حالی شیفتہ کے بچوں کے تقریباً آٹھ سال تک اتالیق رہے۔
☆ لاہور میں گورنمنٹ بک ڈپو پہ کچھ عرصہ ملازمت بھی کی۔
☆ 1904 میں "شمس العلماء" کا خطاب ملا۔
☆ حالی کی وفات 77 سال کی عمر میں ہوئی۔

## تصانیف...........

۱۔ مسدس حالی --- 1879ء ۲۔ حیات جاوید --- 1901ء ۳۔ یادگار غالب --- 1897ء
۴۔ مقدمہ شعروشاعری --- 1893ء ۵۔ مناجات بیوہ ۶۔ حیات سعدی --- 1886ء
۷۔ مجالس النساء ۸۔ طبقات الارض ۹۔ تریاق مسموم ۱۰۔ چپ کی داد ۱۱۔ دیوان حالی
۱۲۔ مثنویات حالی (نشاط امید، حب وطن، برکھا رت، رحم و انصاف) ۱۳۔ مراثیات حالی (غالب، حکیم محمود خان، مرثیہ دہلی)

☆ "مسدس حالی" 1879 میں شائع ہوئی، اور اس کا دوسرا نام "مدوجزر اسلام" بھی ہے۔
☆ "مسدس حالی" میں کل اشعار 2800 ہیں۔ اور اس کا موضوع مسلمانوں کا ماضی ہے۔
☆ یادگار غالب" غالب کی سوانح اور "حیات جاوید" سرسید کی۔
☆ مجالس النساء" حالی کا ایک معاشرتی ناول ہے۔
☆ مناجات بیوہ" اور چپ کی داد" حالی نے یہ نظمیں عورتوں کی تعلیم و تربیت کے حوالے سے لکھیں۔
☆ اردو میں سائنٹفک تنقید کا آغاز حالی نے کیا۔
☆ "مقدمہ شعروشاعری" کے دو حصے ہیں۔ (نظری تنقید، عملی تنقید)
☆ سائنٹفک تنقید کا آغاز "مقدمہ شعروشاعری" سے ہوا۔
☆ "مدوجزر اسلام" حالی نے سرسید کے کہنے پر لکھی۔

☆ سائنٹفک سوانح عمریوں کی بنیاد حالی نے رکھی۔

☆ اردو میں سائنٹفک نثر کو حالی نے متعارف کروایا۔

## ڈپٹی نذیر احمد دہلوی............

☆ پیدائش......1836ء بجنور وفات.....1912ء دہلی۔

☆ عربی اور فارسی عبدالخالق سے اورنگ آبادی مسجد دہلی میں 1842ء میں پڑھی۔

☆ 1846ء تا 1853ء دلی کالج میں رہے۔

☆ 1856ء میں ڈپٹی انسپکٹر سکولز کان پور میں رہے۔

☆ 1857 میں ڈپٹی انسپکٹر الہ آباد بھی رہے۔

☆ دہلی میں ان کی وفات ہارٹ اٹیک کیوجہ سے ہوئی۔

☆ اردو کے پہلے ناول نگار ہونے کا اعزاز بھی رکھتے ہیں۔

☆ انڈین پینل کوڈ کا اردو ترجمہ ''تعزیرات ہند'' کے نام سے کیا۔

## تصانیف.........

۱۔ مراۃ العروس۔۔۔ 1869ء
۲۔ بنات النعش۔۔۔ 1871ء
۳۔ توبۃ النصوح۔۔۔ 1873ء
۴۔ فسانہ مبتلا۔۔۔ 1885ء
۵۔ ابن الوقت۔۔۔ 1888ء
۶۔ ایامیٰ۔۔۔ 1891ء
۷۔ رویائے صادقہ۔۔۔ 1892ء

## سرسید احمد خان.........

☆ پیدائش.....17 اکتوبر 1817ء دہلی وفات.......1898ء

☆ والد کا نام ''میر متقی'' تھا۔

☆ 1841ء میں منصفی کا امتحان پاس کیا۔

☆ 1857ء کی جنگ آزادی میں کافی انگریزوں کی جان بچائی۔

☆ سرسید نے جدید علوم کے مقاصد (عقل پسندی، ارتقاء پسندی، مادیت پسندی) بیان کیے۔

☆ سرسید نے عربی اور فارسی الفاظ استعمال کرنے کی بجائے ہندی کے الفاظ استعمال کیے۔

☆ سرسید نے نثر میں ''مدعا نگاری'' کی روایت کو جنم دیا۔

## تصانیف.........

### پہلا تصنیفی دور۔۔(1841ء تا 1857ء تک)

۱۔ جام جم: تیموری بادشاہوں کی تاریخ ہے۔
۲۔ جلاء القلوب بذکر المحبوب: حضرت محمد ﷺ کی سیرت پر رسالہ ہے۔
۳۔ آثار الصنادید: دہلی کی پرانی عمارتوں کا احوال۔
۴۔ کلمۃ الحق: پیری مریدی کے حوالے سے رسالہ ہے۔
۵۔ آئین اکبری: اس کتاب کی تصحیح و اشاعت اس دور میں ہوئی۔

### دوسرا تصنیفی دور..........(1858ء تا 1868ء تک)

۶۔ رسالہ اسباب بغاوت ہند: جنگ آزادی کے اسباب لکھے۔
۷۔ لائل محمڈن آف انڈیا: ان مسلمانوں کا احوال جنھوں نے انگریزوں کی جانیں بچائیں۔

۸۔ تبیین الکلام: انجیل اور قرآن کی اصولی وحدت ثابت کی۔

۹۔ اخبار سائنٹفک سوسائٹی: انگریزوں اور ہندوستانیوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے لیے۔

## تیسرا تصنیفی دور.........(1869ء تا 1892ء تک)

۱۰۔ سفر نامہ لندن: لندن کے سفر کا احوال۔ ۱۱۔ تہذیب الاخلاق: مسلمانوں کی اصلاح کے رسالہ ہے۔

۱۲۔ خطبات احمدیہ: عیسائیوں کے آپ ﷺ پر لگائے گئے الزامات کا جواب۔ یہ کتاب سرسید نے ولیم میور کی کتاب "لائف آف محمدؐ" کے جواب میں لکھی۔

☆ تہذیب الاخلاق' رسالے کا اجراء 24 دسمبر 1874ء کو ہوا، یہ رسالہ سرسید نے اسٹیل اور ایڈیسن کے رسالے "اسپیکٹیٹر اور ٹیٹلر" سے متاثر ہو کر لکھے۔

☆ تہذیب الاخلاق' کے جواب میں مولوی امداد علی نے رسالہ 'امداد الآفاق' جاری کیا۔

☆ 1842ء میں بہادر شاہ ظفر نے "جواد الدولہ، اور عارف جنگ" کے خطاب ملے۔

☆ 18 اپریل 1889ء میں اڈنبرا یونیورسٹی نے "ڈگری آف ڈاکٹر آف لاز" عطا کی۔

☆ خطبات احمدیہ میں سرسید کے بارہ خطبے ہیں۔

## محمد حسین آزاد...

☆ پیدائش......1832ء دہلی وفات.....1910ء لاہور

☆ والد کا نام مولوی محمد باقر تھا۔

☆ ان کے والد نے دہلی کا سب سے پہلا اخبار "اردو اخبار" 1836 میں جاری کیا تھا۔

☆ آزاد نے ابراہیم ذوق سے تعلیم و تربیت حاصل کی۔

☆ آزاد ڈائریکٹر تعلیمات پنجاب بھی رہے۔

☆ آزاد نے کابل اور ایران کا سفر بھی کیا۔

☆ انجمن پنجاب کے بانیوں میں سے تھے۔

☆ جدید اردو نظم کا بانی آزاد کو کہا جاتا ہے۔

☆ محمد حسین آزاد آخری عمر میں دماغ کے عارضہ میں مبتلا رہے۔

## تصانیف.........

۱۔ آب حیات......1880ء ۲۔ نیرنگ خیال......1881ء ۳۔ نظم آزاد........1899ء ۴۔ فلسفہ الٰہیات......1926ء

۵۔ قصص ہند ۶۔ قند پارسی ۷۔ نگارستان فارس ۸۔ دربار اکبری

۹۔ سپاک و نماک ۱۰۔ نصیحت کا کرن پھول ۱۱۔ جانورستان

☆ آب حیات کے پہلے ایڈیشن میں آزاد نے مومن کا تذکرہ نہیں کیا۔

☆ نیرنگ خیال کتاب تمثیلی مضامین پر مشتمل ہے۔

☆ نظم آزاد' آزاد کی شاعری کا مجموعہ ہے۔

☆ محمد حسین آزاد لاہور کربلا گامے شاہ میں دفن ہیں۔

## فورٹ ولیم کالج

☆ فورٹ ولیم کالج لارڈ ولزلی کا منصوبہ تھا۔

☆ فورٹ ولیم کالج کا قیام ۱۰ جولائی ۱۸۰۰ میں کلکتہ میں ہوا۔

☆ فورٹ ولیم کالج میں سلسلہ تدریس ۱۸۰۱ میں شروع ہوئی۔

☆ فورٹ ولیم کالج کے پہلے پرنسپل ڈیوڈ براون تھے۔

☆ گلکرسٹ فورٹ ولیم کالج میں چار سال پرنسپل رہے۔

☆ گلکرسٹ سکاٹ لینڈ کے رہنے والے تھے اور پیشہ کے لحاظ سے ڈاکٹر تھے۔

☆ ۱۸۰۰ سے لیکر ۱۸۰۴ تک گلکرسٹ فورٹ ولیم کالج کے پرنسپل رہے۔

☆ انگریزی ہندوستانی ڈکشنری اور ہندوستانی گرامر، گلکرسٹ کی کتابیں ہیں۔

☆ باغ و بہار، گنج خوبی، کتابیں میر امن کی ہیں۔

☆ آرائش محفل، باغ اردو، کتابیں میر شیر علی افسوس کی ہیں۔

☆ اخلاق ہندی، نثر بے نظیر، میر بہادر علی حسینی کی کتابیں ہیں۔

☆ طوطا کہانی، آرائش محفل، تاریخ نادری، کتابیں حیدر بخش حیدری کی ہیں۔

☆ شکنتلا'' کاظم علی جوان جبکہ ''مذہب عشق'' نہال چند لاہوری کی کتاب ہے۔

☆ سنگھاسن بتیسی، لطائف ہندی، للولال کوی کی کتابیں ہیں۔

☆ تذکرہ گلشن ہند'' مرزا علی لطف نے لکھا۔

☆ باغ و بہار'' نوطرز مرصع کا ترجمہ ہے جو کہ عطا حسین خان تحسین کی کتاب ہے۔

## فورٹ ولیم کالج کے زیر اہتمام ترجمہ کی جانیوالی کتابیں

| نام کتاب | مصنف | ترجمہ |
|---|---|---|
| باغ و بہار | میر امن دہلوی | نوطرز مرصع'' کا ترجمہ ہے، جو عطا حسین تحسین کی کتاب ہے۔ |
| گنج خوبی | میر امن دہلوی | اخلاق محسنی'' کا ترجمہ ہے، جو کہ ملا واعظ کاشفی کتاب ہے۔ |
| باغ اردو | میر شیر علی افسوس | گلستان سعدی کا ترجمہ ہے۔ |
| آرائش محفل | میر شیر علی افسوس | خلاصہ التواریخ'' کا ترجمہ ہے، جو لالہ سبحان رائے بٹالوی کی کتاب ہے۔ |
| نثر بے نظیر | میر بہادر علی حسینی | سحر البیان'' مثنوی کا نثری ترجمہ ہے۔ |
| آرائش محفل | حیدر بخش حیدری | حاتم طائی کی سات سیروں کا مجموعہ ہے۔ |
| مذہب عشق | نہال چند لاہوری | تاج الملوک اور گل بکاولی'' کے قصے کا اردو میں ترجمہ کیا۔ |
| شکنتلا | کاظم علی جوان | سنسکرت کے مشہور ناٹک ''شکنتلا'' کا ترجمہ جو کالی داس نے لکھا تھا۔ |
| تاریخ آسام | میر بہادر علی حسینی | شہاب الدین کی کتاب ''تاریخ آسام'' کا ترجمہ ہے۔ |

☆ یہ کالج 1854ء میں بند ہوگیا۔

☆ میر بہادر علی حسینی کالج میں ''میر منشی'' کے عہدے پر فائز تھے۔

# علی گڑھ تحریک

☆ علی گڑھ تحریک کس نے شروع کی ............ سرسید احمد خان

☆ علی گڑھ تحریک کا مقصد کیا تھا ............ مسلمانوں کی معاشرتی، مذہبی، اور اخلاقی اصلاح

☆ سرسید نے جدید علوم کے کیا مقاصد بیان کیے ............ عقل پسندی، ارتقاء پسندی، مادیت پرستی

☆ تہذیب الاخلاق رسالہ کب جاری ہوا ............ ۲۴ دسمبر ۱۸۷۰ء

☆ سرسید نے سائنٹفک سوسائٹی کب قائم کی ............ 1866ء

☆ رسالہ "اسباب بغاوت ہند" سرسید نے کیوں جاری کیا ............ انگریزوں کو جنگ آزادی کے اسباب بتانے کے لیے

☆ سرسید نے ادب کو کون سے رجحانات دیئے ............ عقلیت پسندی، حقیقت پسندی، مادیت پسندی، اجتماعیت پسندی

☆ سرسید کے کون سے رفقاء اس تحریک سے وابستہ رہے ............ حالی، شبلی، مولوی ذکاء اللہ، نذیر احمد، محسن الملک وغیرہ

☆ علی گڑھ تحریک سے متاثر ہونے والے ادیبوں کے نام لکھیں وحید الدین سلیم، عبدالحلیم شرر، حیدر یار جنگ، مولوی عنایت اللہ، ظفر علی خان، عبدالماجد دریا آبادی وغیرہ

☆ کون سے ادیب بعد میں اس تحریک سے علیحدہ ہو گئے تھے ............ شبلی نعمانی

☆ اردو میں مضمون نگاری کو کس نے متعارف کروایا ............ سرسید

☆ اردو کی اولین فکری تحریک کون سی مانی جاتی ہے ............ علی گڑھ تحریک

☆ علی گڑھ تحریک کے خلاف اوچھے ہتھکنڈے کس اخبار نے اپنائے ............ اودھ پنچ

☆ اکبرالہ آبادی کس اخبار سے لکھتے تھے اور سرسید کی عقلیت کا مذاق بناتے تھے ............ اودھ پنچ

☆ اودھ پنچ اخبار کون نکالتا تھا ............ منشی سجاد حسین

☆ اودھ پنچ میں کون کون لکھتے تھے ............ منشی سجاد حسین، مچھو بیگ ستم ظریف، اکبرالہ آبادی، سید محمد آزاد

☆ وحید الدین سلیم نے کس رسالہ کے ذریعے علی گڑھ تحریک کی فکر کو ترویج دینے کی کوشش کی ............ رسالہ "معارف" 1929

☆ شرر نے کن رسالوں کی مدد سے علی گڑھ تحریک کی معنویت کو آگے بڑھایا ............ مہذب، اور دلگداز

☆ "تاریخ ہندوستان" کتاب کس کی لکھی ............ مولوی ذکاء اللہ

☆ حالی نے "مسدس" علی گڑھ تحریک کے زیر اثر لکھی کس کے کہنے پر ............ سرسید احمد خان

☆ رسالہ "تہذیب الاخلاق" میں لکھنے والے مضمون نگاروں کے نام لکھیں ............ سرسید، محسن الملک، مولوی پیر بخش، مولوی وقار قلیط اللہ،

# رومانوی تحریک

☆ ادبیات کے سلسلے میں لفظ "رومانویت" سب سے پہلے کس نے استعمال کیا ............ وارٹن اور برڈ نے

☆ "رومانویت" لفظ کو اصطلاح کی شکل کس نے دی ............ مادام ڈی سٹیل

☆ "انسان آزاد پیدا ہوا تھا، مگر جہاں دیکھو آج پابہ زنجیر ہے" روسو کے ان الفاظ کو کیا کہا جاتا ہے ............ رومانیت

☆ قدامت پسندی اور ماضی پرستی، کس تحریک کا خاصہ ہے ............ رومانو...

☆ رومانویت کی کون کون سی خصوصیات ہیں ............ تخیل، ا...

☆ اردو میں رومانوی تحریک کا آغاز کب ہوا ............ 

☆ "رومانیت کا مطلع اول" کسے کہا جاتا ہے ............ سجاد حیدر یلدرم

☆ چند رومانوی نثر نگار کے نام لکھیں ........ سجاد حیدر یلدرم، ابوالکلام آزاد، نیاز فتح پوری، مجنوں گورکھ پوری، مہدی افادی، حجاب امتیاز علی

☆ چند رومانوی شعراء کے نام لکھیں ............ اقبال، اختر شیرانی، جوش ملیح آبادی، حفیظ جالندھری

☆ اردو رومانیت کا "فلسفی" کسے کہتے ہیں ............ سجاد انصاری

☆ چند رومانوی تنقید نگار کے نام لکھیں ............ عبدالرحمان بجنوری، نیاز فتح پوری، مجنوں گورکھپوری، مہدی افادی

☆ کن رسالوں میں رومانوی ادب شائع ہوتا رہا ............ مخزن، رومان، ہمایوں

☆ علی گڑھ تحریک کے ردعمل میں کون سی تحریک سامنے آئی ............ رومانوی تحریک

☆ "ادب برائے ادب" کس کا نعرہ تھا ............ رومانوی تحریک

# ترقی پسند تحریک

☆ ترقی پسند تحریک کی بنیاد کب رکھی گئی ............ اپریل 1936

☆ ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کب اور کہاں ہوئی ............ اپریل 1936ء لکھنؤ میں

☆ ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کی صدارت کس نے کی ............ منشی پریم چند

☆ ترقی پسند تحریک کی دوسری کانفرنس کب اور کہاں ہوئی ............ 1939ء کلکتہ میں

☆ ترقی پسند تحریک کی دوسری کانفرنس کا افتتاح کس نے کیا ............ رابندر ناتھ ٹیگور

☆ ترقی پسند تحریک کے مقاصد کون کون سے تھے .... ادب اور زندگی کا تعلق، ادب زندگی کی تنقید ہے، انسان کی بڑی ضرورت روٹی ہے

☆ "ادب برائے زندگی" کس کا نعرہ تھا ............ ترقی پسند تحریک

☆ ترقی پسند تحریک کے روح رواں کون ہیں ............ سجاد ظہیر

☆ چند ترقی پسند نثری کتابوں کے نام لکھیں ............ لندن کی ایک رات، (سجاد ظہیر) طلسم خیال (کرشن چندر) انوکھی مصیبت (حیات اللہ انصاری) دانہ و دوام (راجندر سنگھ بیدی)

☆ چند ترقی پسند شعری کتابوں کے نام لکھیں ............ آہنگ (مجاز) نقش فریادی (فیض) سیف و سبو (جوش)

☆ چند ترقی پسند ادیبوں اور شاعروں کے نام لکھیں ............ فیض، اقبال، جوش، کرشن چندر، حسرت موہانی، فراق، ایم ڈی تاثیر ساغر نظامی، اسرار الحق مجاز، پریم چند، احمد ندیم قاسمی، بلونت سنگھ۔

☆ چند ترقی پسند نقادوں کے نام لکھیں۔ سجاد ظہیر، ممتاز حسین، عزیز احمد، مجنوں گورکھپوری، اختر حسین رائے پوری، علی سردار جعفری، احتشام حسین

☆ ترقی پسندیت کے زمانے میں کس کو ترقی ملی، غزل یا نظم ............ نظم

☆ ترقی پسند تحریک کے عروج کا زمانہ کس صنف کے زوال کا زمانہ تھا ............ غزل

☆ آزاد نظم، کس دور میں مقبول ہوئی ............ ترقی پسند تحریک کے دور میں

☆ مجموعہ "انگارے" کب شائع ہوا ............ 1932ء میں

☆ کون سا افسانوی مجموعہ ترقی پسندی کی پہلی اینٹ ثابت ہوا ............ انگارے

☆ انگارے" کن کا مشترکہ مجموعہ ہے ............ احمد علی، رشید جہاں، محمود الظفر، سجاد ظہیر

☆ چند ترقی پسند افسانہ نگار کے نام لکھیں کرشن چندر، راجندر سنگھ بیدی، عصمت چغتائی، خواجہ احمد عباس، اوپندر ناتھ اشک، احمد ندیم قاسمی، بلونت سنگھ

☆ کس ترقی پسند افسانوی مجموعے پر پابندی لگی تھی ............

# انجمن پنجاب لاہور

☆ گورنمنٹ کالج لاہور کے پہلے پرنسپل کا نام لکھیں ........ ڈاکٹر جی ڈبلیو لائنٹر

☆ انجمن پنجاب کب قائم ہوئی ........ جنوری 1865ء

☆ انجمن پنجاب کا پرانا نام کیا تھا ........ انجمن اشاعت مطالب مفیدہ

☆ انجمن پنجاب کی وجہ شہرت کیا تھی ........ طرحی مشاعرے

☆ انجمن پنجاب کا پہلا مشاعرہ کب ہوا ........ 1874ء

☆ انجمن پنجاب کے زیر اہتمام کل کتنے مشاعرے ہوئے ........ بقول انور سدید (۱۱) اور بقول آغا محمد باقر (۱۰)

☆ انجمن پنجاب کے مشاعروں کے موضوعات لکھیں ........ مناظر فطرت، انسانی عادات، اخلاق، تہذیب وقناعت

☆ انجمن پنجاب کے مشاعروں کا سلسلہ کب ختم ہوا ........ مارچ 1875ء کو

☆ انجمن پنجاب کے پہلے مشاعرے میں حالی نے کون سی نظم پڑھی ........ برکھارت

☆ انجمن پنجاب کے پہلے مشاعرے میں آزاد نے کون سی نظم پڑھی ........ ابر کرم

☆ انجمن پنجاب کے بانیوں میں شمار ہوتے ہیں ........ محمد حسین آزاد، حالی

☆ اس دور میں جدید شاعری کو کس نام سے پکارا جاتا تھا ........ نیچرل شاعری

☆ حالی نے نیچرل شاعری کی کیا تعریف کی ........ ایسی شاعری جو لفظ اور معنی دونوں حیثیتوں سے فطرت یا عادت کے موافق ہو

# اردو کی چند دوسری تحریکوں کا مختصر جائزہ

☆ حلقہ نیاز مندان لاہور 30-1920 کے عرصہ کے دوران لاہور میں قائم رہی۔

☆ اس حلقہ میں، عبدالمجید سالک، پطرس بخاری، ایم ڈی تاثیر، امتیاز علی تاج، صوفی تبسم، چراغ حسن حسرت، شامل تھے

☆ ایم ڈی تاثیر اس وقت اسلامیہ کالج لاہور میں انگریزی کے استاد تھے۔

☆ اس حلقے کے روح رواں پطرس بخاری تھے۔

☆ حلقہ ارباب ذوق 29 اپریل 1939ء کو قائم ہوئی۔

☆ حلقہ ارباب ذوق کے سرکردہ نصیر احمد جامعی تھے۔

☆ حلقہ ارباب ذوق کا پہلا نام "مجلس داستان گویاں" تھا۔

☆ قیوم نظر، میراجی، نسیم حجازی، شیر محمد اختر، تابش صدیقی، کا تعلق حلقہ ارباب ذوق سے تھا

☆ حلقہ ارباب ذوق کا نعرہ "ادب برائے ادب" تھا۔

☆ اسلامی ادب کی تحریک آزادی کے بعد معرض وجود میں آئی۔

☆ اسلامی ادب کی تحریک کا نعرہ "ادب برائے انقلاب" تھا۔

☆ اسلامی ادب کی تحریک کے بانی نعیم صدیقی تھے۔

☆ اسعد گیلانی، ابن فرید، فروغ احمد، خورشید احمد، کا تعلق اسلامی ادب کی تحریک سے تھا۔

☆ اسلامی ادب کی تحریک کے افسانہ نگاروں میں، نعیم صدیقی، اسعد گیلانی، لالہ صحرائی، آثم مرزا شامل ہیں۔

☆ پاکستانی ادب کی تحریک کے بانی "حسن عسکری" تھے۔
☆ جمیل جالبی، ممتاز شیریں، سجاد باقر رضوی، سلیم احمد، پاکستانی ادب تحریک میں شامل تھے۔
☆ ارضی ثقافتی تحریک" کی بنیاد میں وزیر آغا کی فکر شامل ہے۔
☆ وزیر آغا کی کتاب "اردو شاعری کا مزاج" کو ارضی ثقافتی تحریک کی بوطیقا کہا جاتا ہے۔
☆ افسانے میں ارضی ثقافتی تحریک کو "غلام الثقلین"، رشید امجد" مشتاق قمر" نے تقویت دی۔
☆ رسالہ "اوراق" ارضی ثقافتی تحریک کو آگے بڑھاتا رہا۔

## اردو کے اہم انشائیے

| نمبر شمار | انشائیہ نگار | انشائیے |
|---|---|---|
| ۱ | وزیر آغا | پگڈنڈی، بہادری، خاموشی، بے ترتیبی، کچھ علالت کی حمایت میں، قطب مینار، ڈبویا مجھ کو ہونے نے، معافی مانگنا |
| ۲ | نظیر صدیقی | پدرم فقیر بود، شادی، آگ وہ گھر میں لگی ہے کہ بجھائے نہ بجھے، آزادی، شرافت، |
| ۳ | مشتاق قمر | کچھ نیند کی مذمت، دھوپ کھانا، کوہ پیمائی، ہم ہیں مشتاق، شہرت کی مخالفت میں، مرزا غالب |
| ۴ | جمیل آذر | شاخ زیتون، واشنگ مشین، نیکی دریا اور سمندر، آرٹس سٹوڈنٹ، میرا گھر، مارکو پولو، تمباکو نوشی، مانگے کی سگریٹ |
| ۵ | غلام جیلانی اصغر | مکان بنانا، بچہ پالنا، کچھ جھوٹ کی حمایت میں، چہرے، کچھ ریٹائرمنٹ کے بارے، وراثت، ملاقات |
| ٦ | ممتاز مفتی | پہاڑ، جھوٹ |
| ۷ | حسنین کاظمی | پتنگیں آسمان میں، |
| ۸ | جاوید صدیقی | بے ترتیبی [illegible] |
| ۹ | اکبر حمیدی | جزیرے کا سفر، تتلی کے تعاقب میں، چھوٹا آدمی، زنگ دار شیشے، پہاڑ مجھے بلاتا ہے، خالی گیراج، چڑیا گھر |
| ۱۰ | داود رہبر | لمحے، |
| ۱۱ | سلیم آغا قزلباس | جال، کرسی، چھتری، موم بتی، دوربین، مقناطیس، بل، |
| ۱۲ | انور سدید | مچھر، ذکر اس پری وش کا، آسمان میں پتنگیں، کرکٹ، اونگھنا، دسمبر، تاروں بھری رات |

## چند اہم انشائیوں کے مجموعے

| مصنف | مجموعہ | اہم نکات |
|---|---|---|
| وزیر آغا | خیال پارے | پہلا مجموعہ ہے، کل 24 انشائیے ہیں، مقدمہ صلاح الدین احمد نے لکھا، 1961ء میں شائع ہوا۔ |
| وزیر آغا | چوری سے یاری تک | کل 115 انشائیے ہیں، 1966ء میں شائع ہوا۔ |
| وزیر آغا | دوسرا کنارہ | 17 انشائیے ہیں، 1982ء میں شائع ہوا۔ |
| وزیر آغا | سمندر اگر میرے اندر گرے | 1989ء میں شائع ہوا، اس مجموعے کا پہلا انشائیہ "چرواہا" ہے۔ |
| نظیر صدیقی | شہرت کی خاطر | 1961ء میں شائع ہوا |

| | | |
|---|---|---|
| نقیہ صدیقی | جان پہچان | 1979ء میں شائع ہوا |
| منظور حسین یاد | جوہر اندیشہ | 1975ء میں شائع ہوا |
| منظور حسین یاد | دشنام کے آئینے | دوسرا مجموعہ ہے |
| مشتاق قمر | ہم ہیں مشتاق | 1970ء میں شائع ہوا، کل 14 انشائیے ہیں، اس کے دیباچے کا نام "پہلا پتھر" ہے، انور سدید نے لکھا |
| جمیل آذر | شاخ زیتون | 71 انشائیے ہیں، پہلا مجموعہ ہے، اس کا فلیپ وزیر آغا نے لکھا 1981ء میں شائع ہوا۔ |
| جمیل آذر | رت کے مہمان | 1994ء میں شائع ہوا |
| جمیل آذر | وقت اے وقت | 2007ء میں شائع ہوا |
| غلام جیلانی اصغر | نرم دم گفتگو | کل 20 انشائیے ہیں، 1996ء میں شائع ہوا |
| اکبر حمیدی | جزیرے کا سفر | 1975ء میں شائع ہوا، دیباچہ وزیر آغا نے لکھا |
| اکبر حمیدی | تتلی کے تعاقب میں | 1990ء میں شائع ہوا |
| اکبر حمیدی | جھاڑیاں اور جگنو | 1998ء میں شائع ہوا |
| اکبر حمیدی | پہاڑ مجھے بلاتا ہے | 2003ء میں شائع ہوا |
| اکبر حمیدی | اشتہاروں بھری دیواریں۔ | 2007ء میں شائع ہوا |
| سلیم آغا قزلباش | سرگوشیاں | 1990ء میں شائع ہوا |
| سلیم آغا قزلباش | آمنا سامنا | 1997ء میں شائع ہوا |
| سلیم آغا قزلباش | نام میں کیا رکھا ہے | 2005ء میں شائع ہوا |
| انور سدید | ذکر اس پری وش کا | 1982ء میں شائع ہوا، اس مجموعہ میں 10 انشائیے ہیں |
| انور سدید | آسمان میں پتنگیں | 1990ء میں شائع ہوا، دوسرا مجموعہ ہے |

- جاوید وششت نے ملا وجہی کو اردو کا پہلا انشائیہ نگار قرار دیا۔
- مولوی عبدالحق نے ملا وجہی کی تحریروں کو "مضامین وجہی" کہا۔
- اردو کے پہلے انشائیہ نگار کافی محققین کی رائے میں "سرسید احمد خان" ہیں۔
- ڈاکٹر محمد صادق نے آزاد کی تحریروں کو "تمثیلی انشائیہ" قرار دیا۔
- بہار کی ایک شام "نصیر آغا کا انشائیہ ہے۔
- "چھکڑا" وزیر آغا کا انشائیہ ہے۔
- پگڈنڈی سے روڈ رولر تک "وزیر آغا کی کلیات ہے، اس میں چار مجموعے شامل ہیں، 1995ء میں شائع ہوئی۔
- "پگڈنڈی" کے عنوان سے دوبارہ وزیر آغا کی کلیات 2010ء میں شائع ہوئی۔

1880 - 1936

## منشی پریم چند.....

1880

پیدائش.....1885ء وفات.....1936ء

اصل نام.....دھنپت رائے" تھا بنارس میں پیدا ہوئے۔

☆ پریم چند کا سب سے پہلا افسانہ ''دنیا کا سب سے انمول رتن'' ہے۔
☆ ''سوز وطن'' ان کا پہلا افسانوی مجموعہ ہے، جو کہ 1908ء میں شائع ہوا، اس میں پانچ افسانے شامل ہیں۔
☆ اس مجموعہ میں پریم چند نے بنگال کی تقسیم کی مخالفت کی تھی، اسی وجہ سے اس مجموعہ پر پابندی عائد ہو گئی تھی۔
☆ پریم چند کا آخری مجموعہ ''زادراہ'' ہے۔
☆ پریم چند ٹالسٹائی سے متاثر تھے۔
☆ مجموعہ سوز وطن'' نواب رائے کے فرضی نام سے چھپا تھا جو کہ پریم چند کا پہلا قلمی نام تھا۔
☆ پریم چند کے افسانوی مجموعوں کے نام..........

۱۔سوز وطن ۲۔زادراہ ۳۔واردات ۴۔پریم چالیسی ۵۔فردوس خیال
۶۔پریم بتیسی ۷۔خواب وخیال ۸۔خاک وپروانہ

☆ پریم چند کے چند مشہور افسانے.........

۱۔کفن ۲۔پوس کی رات ۳۔راہ نجات ۴۔سوا سیر گیہوں
۵۔جج اکبر ۶۔بھاڑے کا ٹٹو ۷۔سوتیلی ماں ۸۔زادراہ

☆ پریم چند کے افسانے ''کفن'' میں چوبیس گھنٹے کے واقعات بیان ہوئے ہیں۔
☆ میدان عمل، گئودان، گوشہ عافیت، بازار حسن، نرملا، پریم چند کے ناول ہیں۔

## غلام عباس

1909-1972

☆ پیدائش......1909ء امرتسر وفات.......1972ء
☆ افسانوی مجموعے.........

۱۔آنندی 1948ء ۲۔جاڑے کی چاندنی 1960ء ۳کن رس 1969ء ۴۔زندگی نقاب چہرے (کلیات)

☆ جاڑے کی چاندنی'' پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملا۔
☆ ''گوندنی والا تکیہ'' ناولٹ ہے جو کہ 1961ء میں شائع ہوا۔
☆ ''جزیرہ سخنوراں'' اور ''محبت روتی ہے'' غلام عباس کے ناول ہیں۔
☆ چاند تارے'' نظموں کا مجموعہ ہے، اس میں پچیس نظمیں ہیں۔ 1965ء میں شائع ہوا۔ اس کا پیش لفظ فیض احمد فیض نے لکھا تھا۔
☆ ایوب خان کی کتاب کا اردو ترجمہ ''جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی'' کے نام سے کیا۔
☆ غلام عباس کی بیوی کا نام ''زینب عباس'' تھا۔
☆ غلام عباس کو 1968ء میں ستارہ امتیاز بھی ملا۔
☆ غلام عباس کے مشہور افسانے..........

۱۔آنندی ۲۔کتبہ ۳۔اوورکوٹ ۴۔فینسی ہیر کٹنگ سیلون میں ۵۔بہروپیا ۶۔عباس کی بیوی
۷۔سایہ ۸۔باجے والا ۹۔بندر والا ۱۰۔جوار بھاٹا

☆ غلام عباس کے افسانوں کی ''جزئیات نگاری'' بہت مشہور ہے۔
☆ غلام عباس کے کرداروں میں ''دوہرا پن'' موجود ہوتا ہے۔
☆ ''ثریا کی گڑیا'' غلام عباس کے ڈراموں کی کتاب ہے۔
☆ غلام عباس ''پھول'' ''تہذیب نسواں'' رسالوں سے بھی وابستہ رہے۔

☆ جاڑے کی چاندنی'' کا دیباچہ ن م راشد نے لکھا تھا۔ اس میں چودہ افسانے شامل ہیں۔
☆ غلام عباس کا پہلا طبع زاد افسانہ ''مجسمہ'' ہے۔
☆ غلام عباس کا آخری ادبی کارنامہ ''گوندنی والا تکیہ'' ہے اس کے دیباچے کا نام ''عرض حال'' ہے۔

## سعادت حسن منٹو

1912 - 55

☆ پیدائش..... 1912ء سمرالہ    وفات..... 1955ء لاہور
☆ منٹو کا پہلا افسانہ ''تماشا'' ہے۔
☆ افسانوی مجموعے.........

۱۔ آتش پارے ۲۔ سیاہ حاشیے ۳۔ سرکنڈوں کے پیچھے ۴۔ ٹھنڈا گوشت ۵۔ پھندے ۶۔ خالی بوتلیں ۷۔ لذت سنگ

☆ منٹو کا آخری افسانہ ''کبوتر کبوتری'' ہے۔
☆ منٹو کے افسانے جن پر مقدمہ چلا.........

۱۔ کالی شلوار۔۔۔ ماہنامہ ''ساقی'' میں دہلی سے شائع ہوا تھا۔ ۲۔ بو۔۔۔ ماہنامہ ''ادب لطیف'' لاہور سے شائع ہوا تھا۔
۳۔ کھول دو۔۔۔ یہ رسالہ ''نقوش'' میں چھپا تھا۔ ۴۔ ٹھنڈا گوشت۔۔۔ رسالہ ''جاوید'' میں شائع ہوا تھا۔
۵۔ اوپر نیچے درمیان۔۔۔ روزنامہ ''احسان'' میں لاہور سے شائع ہوا تھا۔ ۶۔ دھواں۔۔۔ ماہنامہ ''۔ق'' میں دہلی سے شائع ہوا تھا۔

☆ منٹو نے زندگی کے اکیس سال ادبی زندگی میں سے دس سال عدالتی چکروں میں گزارے۔

منٹو کے دوسرے اہم افسانے.........

۱۔ نیا قانون ۲۔ نعرہ ۳۔ سہائے ۴۔ کھول دو ۵۔ گورمکھ سنگھ کی وصیت ۶۔ موذیل ۷۔ نے پھاہا ۸۔ خوشیا

☆ گنجے فرشتے اور لاؤڈ سپیکر'' منٹو کے خاکے ہیں۔
☆ منٹو نے ''بغیر عنوان کے'' نام سے ایک ناول بھی لکھا تھا۔
☆ منٹو پاکستان بننے کے بعد لاہور آ گئے تھے۔

## کرشن چندر

1914 - 1977

☆ پیدائش..... 1914ء گوجرانوالہ پنجاب    وفات..... 1977ء بمبئی
☆ کرشن چندر نے ایم اے انگریزی اور ایل ایل بی کیا ہوا تھا۔
☆ ''پروفیسر ماسٹر بلیکی'' ان کی ادبی زندگی کا پہلا اور مزاحیہ مضمون ہے۔
☆ پہلا افسانہ ''یرقان'' لکھا۔
☆ کرشن چندر نے اردو کا پہلا رپورتاژ ''پودے'' لکھا جو ترقی پسند مصنفین کانفرنس حیدر آباد میں ہونے والی روداد تھی۔ 1945ء میں لکھی۔
☆ کرشن چندر اشتراکیت نظریات کے حامی تھے۔
☆ کرشن چندر نے کل 47 ناول لکھے۔
☆ کرشن چندر کے چند اہم ناول.........

۱۔ شکست ۲۔ جب کھیت جاگے ۳۔ طوفان کی کلیاں ۴۔ دل کی وادیاں سو گئیں
۵۔ ایک عورت ہزار دیوانے ۶۔ ایک گدھے کی سرگزشت ۷۔ غدار

☆ کرشن چندر کا پہلا ناول "شکست" ہے جو 1943ء رسالہ "ساقی" میں شائع ہوا تھا۔

☆ کرشن چندر کا آخری ناول "فٹ پاتھ کے فرشتے" ہے۔

☆ "برف کے پھول" کرشن چندر کا ناولٹ ہے۔

☆ کرشن چندر کے کل 33 افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ افسانوی مجموعے..........

ا۔ طلسم خیال 1939ء ۲۔ نظارے 1940ء ۳۔ ہوائی قلعے 1940ء ۴۔ ان داتا 1944ء

۵۔ ہم وحشی ہیں 1947ء ۶۔ زندگی کے موڑ پر 1943ء

☆ "صبح ہوتے ہی" کرشن چندر کا رپورتاژ ہے۔

☆ کرشن چندر کے ڈرامے........

ا۔ دروازہ ۲۔ سرائے کے باہر ۳۔ بے کاری

☆ کرشن چندر کو "پدم بھوشن ایوارڈ" بھی دیا گیا جو کہ انڈیا کا ادبی ایوارڈ ہے۔

# انتظار حسین

(1922ء - 2016ء)

☆ پیدائش......1922ء بلند بھارت وفات......2 فروری 2016

☆ افسانوی مجموعے........

ا۔ گلی کوچے 1951ء ۲۔ کنکری 1955ء ۳۔ آخری آدمی 1967ء

۴۔ شہر افسوس ۵۔ کچھوے 1981ء ۶۔ خیمے سے دور

☆ "چاند گہن" اور "بستی" انتظار حسین کے ناول ہیں۔

☆ "پانی کے قیدی" انتظار حسین کے ڈرامے ہیں۔

☆ انتظار حسین نے میرٹھ کالج سے ایم اے اردو کیا۔

☆ 1947ء میں پاکستان آگئے تھے۔

☆ انتظار حسین کے چند افسانے...........

ا۔ زرد کتا ۲۔ آخری آدمی ۳۔ آم کا پیڑ ۴۔ وہ جو کھوئے گئے ۵۔ دوسرا گناہ

۶۔ وہ جو دیوار نہ چاٹ سکے ۷۔ کانا دجال

☆ "وہ جو دیوار نہ چاٹ سکے" انتظار حسین نے اس افسانے میں یاجوج ماجوج کی تمثیل بیان کی ہے۔

☆ "کانا دجال" افسانے کا موضوع بیت المقدس پر اسرائیل کا ناجائز قبضہ ہے۔

☆ "مور نامہ" افسانہ انتظار حسین نے پاکستان کے ایٹمی دھماکے کے پس منظر میں لکھا۔

☆ "زرد کتا" افسانہ میں انتظار حسین نے تصوف کو موضوع بنایا۔

☆ انتظار حسین کے مجموعے "گلی کوچے" میں میر تقی میر کا شعر درج ہے۔

☆ اس مجموعے کو انتظار حسین نے اپنے دوست "دیوتی سرن شرما" کے نام معنون کیا۔

☆ "چاند گہن" ناول ہجرت کے موضوع پہ لکھا گیا ہے۔

# اردو کی اہم مثنویاں

| شاعر | مثنویاں | شاعر | مثنویاں |
|---|---|---|---|
| امیر خسرو | نہ سپہر، ہشت بہشت، قرآن السعدین | حضرت نوشہ گنج | گنج الاسرار |
| ولی دکنی | در تعریف شہر صورت / | غواصی | سیف الملوک و بدیع الجمال |
| فخر الدین نظامی | کدم راو پدم راو | اشرف بیابانی | نوسرہار / واحد باری |
| عبدل | ابراہیم نامہ | مقیمی استر آبادی | چندر بدن مہیار |
| کمال خان رستمی | خاور نامہ | سراج اورنگ آبادی | بوستان خیال |
| ملا وجہی | قطب مشتری | ابن نشاطی | پھول بن |
| نصرتی | گلشن عشق، علی نامہ، تاریخ سکندری | میر اثر | خواب و خیال |
| میر حسن | سحر البیان، گلزار ارم، در تہنیت عید، رموز العارفین | دیا شنکر نسیم | گلزار نسیم |
| میر تقی میر | ننگ نامہ، اژدر نامہ، جنگ و گریہ، خواب و خیال، معاملات عشق، دریائے عشق، شعلہ عشق، اعجاز عشق، مور نامہ | | |
| مرزا غالب | باد مخالف، ابر گہربار، چراغ دیر، در صفت انبہ | مومن | قول غمیں، کف آتشیں، شکایت ستم، قصہ غم، مثنوی جہاد، اسرار عشق |
| مرزا شوق | زہر عشق، فریب عشق، بہار عشق | شاد عظیم آبادی | نالہ شاد، یاد حبیب، چشمہ کوثر |
| محسن کاکوروی | صبح تجلی، چراغ کعبہ، نگارستان الفت | علامہ اقبال | اسرار خودی، ساقی نامہ |
| محمد حسین آزاد | مہاجن، چور شاعر | حفیظ جالندھری | شاہ نامہ اسلام |
| علی سردار جعفری | جمہور | حالی | برکھا رت، نشاط امید، حب وطن |
| قاضی محمود | من لگن | | |

# رپورتاژ

- ☆ ''پودے'' اردو کا پہلا رپورتاژ ہے، جو کہ کرشن چندر نے لکھا۔ ۱۹۴۷ء
- ☆ ''صبح ہوتی ہے'' رپورتاژ کرشن چندر نے لکھا۔
- ☆ ''لندن لیٹر'' رپورتاژ قرۃ العین حیدر نے لکھا۔
- ☆ ''قوس قزاح سے فرار'' رپورتاژ منظور الٰہی نے لکھا۔
- ☆ ''برات عاشقاں'' فارغ بخاری کا رپورتاژ ہے۔
- ☆ ''ہمہ یاراں دوزخ'' صدیق سالک کا رپورتاژ ہے۔
- ☆ ''کشمیر اداس ہے'' محمود ہاشمی کا رپورتاژ ہے۔
- ☆ ''گوا میں چند روز'' امجد حسین کا رپورتاژ ہے۔

☆ ''جب بند مٹھی کھلے'' رپورتاژ تاجور سامری نے لکھا۔

☆ ''کارواں ہمارا'' کوثر چاند پوری کا رپورتاژ ہے۔

☆ ''دلی کی پتا'' رپورتاژ شاہد احمد دہلوی نے لکھا۔

☆ ''دو ملک ایک کہانی'' ''جیل کے دن جیل کی راتیں'' ابراہیم جلیس کے رپورتاژ کے مجموعے ہیں۔

☆ ''چھٹا دریا'' فکر تونسوی کا رپورتاژ ہے۔

☆ ''یادیں'' سجاد ظہیر کا لکھا ہوا رپورتاژ ہے۔

☆ ''گلگشت'' ''ستمبر کا چاند'' ''کوہ دماوند'' قراۃ العین حیدر کے رپورتاژ کے مجموعے ہیں۔

☆ ''بمبئی سے بھوپال تک'' عصمت چغتائی کے رپورتاژ کا مجموعہ ہے۔

## مشہور اشعار اور ان کے خالق

☆ ہم بھی خوش نہیں وفا کر کے
تم نے اچھا کیا نباہ نہ کیا۔ (مومن)

☆ جسے عشق کا تیر کاری لگے
اسے زندگی کیوں نہ بھاری لگے۔ (ولی دکنی)

☆ ہمارے دوش پر کھلتی تو تیری زلف سے ہم
نسیم صبح کے لہجے میں گفتگو کرتے۔ (تسلیم لکھنوی)

☆ آسمان کی تاب کیا ہم سے چھڑائے لکھنو
لکھنو ہم پر فدا، ہم فدائے لکھنو۔ (رجب علی بیگ سرور)

☆ بات کرنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نہ تھی
جیسی اب ہے تیری محفل کبھی ایسی تو نہ تھی۔ (بہادر شاہ ظفر)

☆ اٹھو وگرنہ حشر نہ ہو گا پھر کبھی
دوڑو زمانہ چال قیامت کی چل گیا۔ (ہمایوں شاہ)

☆ اپنے مرکز کی طرف مائل پرواز تھا حسن
بھولتا ہی نہیں عالم تیری انگڑائی کا۔ (عزیز لکھنوی)

☆ وہ عیادت کرنے کو آتے ہیں لو اور سنو
آج ہی خوبی تقدیر سے حال اچھا ہے۔ (داغ)

☆ ابھی بت خانوں کے سجدوں سے تو فرصت ہو لے
جا کے مسجد میں بھی کر لیں گے ادا تھوڑی سی۔ (ناسخ)

☆ داور محشر میرا نامہ اعمال نہ دیکھ
اس میں کچھ پردہ نشینوں کے نام بھی آتے ہیں۔ (ایم ڈی تاثیر)

☆ روز آتا ہے میرے دل کو تسلی دینے
تجھ سے اے دشمن جاں تیرا خیال اچھا ہے۔ (امیر مینائی)

☆ ساری دنیا کے ہیں وہ میرے سوا
میں نے دنیا چھوڑ دی جن کے لیے۔ (امیر مینائی)

☆ زندگی زندہ دلی کا نام ہے
مردہ دل کیا خاک جیا کرتے ہیں۔ (ناسخ)

☆ باغ بہشت سے مجھے حکم سفر دیا تھا کیوں
کار جہاں دراز ہے اب میرا انتظار کر۔ (اقبال)

☆ ہم نے کیا کیا نہ تیرے عشق میں محبوب کیا
صبر ایوب کیا، گریہ یعقوب کیا۔ (شرف الدین مضمون)

☆ دل یوں خیال زلف میں پھرتا ہے نعرہ زن
تاریک شب میں جیسے کوئی پاسبان پھرے۔ (عبدالغنی قبول کاشمیری)

☆ تم کو ہزار شرم سہی، مجھ کو لاکھ ضبط
الفت وہ راز ہے کہ چھپایا نہ جائے گا۔ (حالی)

☆ اس غیرت ناہید کی ہر تان ہے دیپک
شعلہ سا لپک جائے ہے آواز تو دیکھو۔ (مومن)

☆ رخ روشن کے آگے شمع رکھ کر وہ یہ کہتے ہیں
ادھر جاتا ہے دیکھیں یا ادھر پروانہ آتا ہے۔ (داغ)

☆ زندگی جبر ہے اور جبر کے آثار نہیں
ہائے اس قید کو زنجیر بھی درکار نہیں۔ ( )

☆ داغ چھوٹا نہیں یہ کس کا لہو ہے قاتل
ہاتھ بھی دکھ گئے دامن تیرا دھوتے دھوتے۔ ( )

☆ نہ چھیڑ اے نکہت بادی بہاری راہ لگ اپنی
تجھے اٹھکیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں۔ ( )

| | | |
|---|---|---|
| وہ اردو کیا ہے، یہ ہندی زباں ہے | کہ جس کا قائل اب سارا جہاں ہے۔ | (مراد شاہ لاہوری) |
| ہم بھی تسلیم کی خو ڈالیں گے | بے نیازی تیری عادت ہی سہی۔ | (غالب) |
| ہم کو ان سے ہے وفا کی امید | جو نہیں جانتے وفا کیا ہے۔ | (غالب) |
| نقش فریادی ہے کس کی شوخی تحریر کا | کاغذی ہے پیراہن ہر پیکر تصویر کا۔ | (غالب) |
| ہیں آج کیوں ذلیل کہ کل تک نہ تھی پسند | گستاخی فرشتہ ہماری جناب میں۔ | (غالب) |
| ان کے دیکھے سے جو آجاتی ہے منہ پہ رونق | وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے۔ | (غالب) |
| تم میرے پاس ہوتے ہو گویا | جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا۔ | (مومن) |
| عمر ساری تو کٹی عشق بتاں میں مومن | آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہوں گے۔ | (مومن) |
| زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے | ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے۔ | (میر درد) |
| تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو | دامن نچوڑ دیں تو فرشتے وضو کریں۔ | (میر درد) |
| اذیت، مصیبت، ملامت، بلائیں | تیرے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا۔ | (میر درد) |
| وہ جا رہا ہے کوئی شب غم گزار کے | دونوں جہاں اپنے، محبت میں ہار کے۔ | (فیض) |
| وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا | وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری۔ | (فیض) |
| انہی پتھروں پہ چل کے اگر آسکو تو آو | میرے گھر کے راستے میں کوئی کہکشاں نہیں ہے۔ | (مصطفیٰ زیدی) |
| لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے | اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے۔ | (ذوق) |
| اے شمع تیری عمر طبعی ہے ایک رات | ہنس کر گزار یا اسے رو کر گزار دے۔ | (ذوق) |
| پھرتے تھے دشت دشت دیوانے کدھر گئے | وہ عاشقی کے ہائے زمانے کدھر گئے۔ | (مبارک آبرو) |
| گو ذرا سی بات پہ برسوں کے یارانے گئے | لیکن اتنا تو ہوا کچھ لوگ پہچانے گئے۔ | (خاطر غزنوی) |
| دیوار کیا گری میرے کچے مکان کی | لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنا لیے۔ | (سبط علی) |
| اب اداس پھرتے ہو سردیوں کی شاموں میں | اس طرح تو ہوتا ہے اس طرح کے کاموں میں۔ | (شعیب بن عزیز) |
| ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہا | اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں۔ | (حالی) |
| وقت کرتا ہے پرورش برسوں | حادثہ ایک دم نہیں ہوتا۔ | (قابل اجمیری) |
| اک عشق کا غم آفت اور اس پہ یہ دل آفت | یا غم نہ دیا ہوتا، یا دل نہ دیا ہوتا۔ | (چراغ حسن حسرت) |
| سو بار چمن مہکا، سو بار بہار آئی | دنیا کی وہی رونق دل کی وہی تنہائی۔ | (صوفی تبسم) |
| وہ شمع اجالا جس نے کیا چالیس برس تک غاروں میں | اک روز جھلکنے والی تھی سب دنیا کے درباروں میں۔ | (ظفر علی خان) |
| شہر میں آکر پڑھنے والے بھول گئے | کس کی ماں نے کتنا زیور بیچا تھا۔ | (اسلم کولسری) |
| کاغذ کے پھول سر پہ سجا کر چلی حیات | نکلی برون شہر تو بارش نے آلیا۔ | (ظفر اقبال) |
| تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں | کھلونے دے کے بہلایا گیا ہوں۔ | (شاد عظیم آ |
| یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجیے | اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے۔ | (جگر مر |
| قتل حسین اصل میں مرگ یزید ہے | اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد۔ | (م |
| تندی باد مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب | یہ تو چلتی ہے تجھے اونچا اڑانے کے لیے۔ | ( |
| عمر گزری ہے اسی دشت کی سیاحی میں | پانچویں پشت ہے شبیر کی مداحی میں۔ | |
| مرے خدا مجھے اتنا تو معتبر کر دے | میں جس مکان میں رہتا ہوں اس کو گھر کر دے۔ | |

کون کہتا ہے موت آئی تو مر جاؤں گا — میں تو دریا ہوں سمندر میں اتر جاؤں گا۔ (احمد ندیم قاسمی)
شکوہ اے ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا — اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے۔ (احمد فراز)
قلم بچ جن رہا ہے کوچہ و بازار میں — عدل کو بھی صاحب انصاف ہونا چاہیے۔ (عطاءالحق قاسمی)
بچھڑا کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی — اک شخص سارے شہر کو ویران کر گیا۔ (خالد شریف)
میں کس کے ہاتھ پہ اپنا لہو تلاش کروں — تمام شہر نے پہنے ہوئے ہیں دستانے۔ (مصطفیٰ زیدی)

## شاعروں اورادیبوں کی تاریخ پیدائش

| نمبر شمار | نام | تاریخ پیدائش | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| ۱ | امیر خسرو | 1253ء | 1325ء |
| ۲ | محمد قلی قطب شاہ | 1565ء | 1611ء |
| ۳ | ملا وجہی | 1555ء | 1659ء |
| ۴ | ولی دکنی | 1678ء | 1708ء |
| ۵ | رفیع سودا | 1713ء | 1781ء |
| ۶ | میر درد | 1720ء | 1785ء |
| ۷ | میر تقی میر | 1723ء | 1810ء |
| ۸ | نظیر اکبر آبادی | 1735ء | 1830ء |
| ۹ | میر حسن | 1736ء | 1784ء |
| ۱۰ | انشاء اللہ خان انشا | 1756ء | 1817ء |
| ۱۱ | حیدر علی آتش | 1778ء | 1846ء |
| ۱۲ | امام بخش ناسخ | 1772ء | 1838ء |
| ۱۳ | ابراہیم ذوق | 1789ء | 1854ء |
| ۱۴ | غالب | 1797ء | 1869ء |
| ۱۵ | مومن | 1800ء | 1851ء |
| ۱۶ | میر انیس | 1803ء | 1874ء |
| ۱۷ | مرزا دبیر | 1803ء | 1875ء |
| ۱۸ | دیا شنکر نسیم | 1811ء | 1843ء |
| ۱۹ | داغ دہلوی | 1831ء | 1905ء |
| ۲۰ | امیر مینائی | 1862ء | 1900ء |
| ۲۱ | حسرت موہانی | 1875ء | 1951ء |

| نمبر شمار | نام | تاریخ پیدائش | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| ۲۲ | خواجہ حسن نظامی | 1878ء | 1955ء |
| ۲۳ | علامہ اقبال | 1877ء | 1938ء |
| ۲۴ | فانی بدایونی | 1879ء | 1941ء |
| ۲۵ | یاس یگانہ چنگیزی | 1883ء | 1956ء |
| ۲۶ | جگر مراد آبادی | 1890ء | 1960ء |
| ۲۷ | فراق گورکھپوری | 1896ء | 1982ء |
| ۲۸ | جوش ملیح آبادی | 1898ء | 1982ء |
| ۲۹ | ابن انشاء | 1927ء | 1978ء |
| ۳۰ | اختر شیرانی | 1905ء | 1948ء |
| ۳۱ | فیض احمد فیض | 1911ء | 1984ء |
| ۳۲ | اسرار الحق مجاز | 1911ء | 1955ء |
| ۳۳ | میرا جی | 1912ء | 1949ء |
| ۳۴ | جاں نثار اختر | 1941ء | 1976ء |
| ۳۵ | ناصر کاظمی | 1925ء | 1972ء |
| ۳۶ | میر امن دہلوی | 1732ء | 1806ء |
| ۳۷ | رجب علی بیگ | 1786ء | 1867ء |
| ۳۸ | سرسید احمد خان | 1817ء | 1898ء |
| ۳۹ | محمد حسین آزاد | 1830ء | 1910ء |
| ۴۰ | ڈپٹی نذیر احمد | 1831ء | 1912ء |
| ۴۱ | حالی | 1837ء | 1914ء |
| ۴۲ | رتن ناتھ سرشار | 1846ء | 1902ء |
| ۴۳ | شبلی نعمانی | 1857ء | 1914ء |
| ۴۴ | ہادی رسوا | 1858ء | 1931ء |
| ۴۵ | عبدالحلیم شرر | 1860ء | 1926ء |
| ۴۶ | مولوی عبدالحق | 1870ء | 1961ء |
| ۴۷ | آغا حشر کاشمیری | 1879ء | 35 |
| ۴۸ | سجاد حیدر یلدرم | 1880ء | [illegible] |
| ۴۹ | پریم چند | 1880ء | [illegible] |

| نمبر شمار | نام | تاریخ پیدائش | تاریخ وفات |
|---|---|---|---|
| ۵۰ | فرحت اللہ بیگ | 1883ء | 1945ء |
| ۵۱ | ابوالکلام آزاد | 1888ء | 1958ء |
| ۵۲ | امتیاز علی تاج | 1900ء | 1970ء |
| ۵۳ | سعادت حسن منٹو | 1912ء | 1955ء |
| ۵۴ | کرشن چندر | 1914ء | 1977ء |
| ۵۵ | عصمت چغتائی | 1915ء | 1991ء |
| ۵۶ | راجندر سنگھ بیدی | 1915ء | 1984ء |
| ۵۷ | قراۃ العین حیدر | 1927ء | 2007ء |
| ۵۸ | عبداللہ حسین | 1931ء | 2015ء |

## قراۃ العین حیدر

☆ پیدائش.......20 جنوری 1927ء وفات.....2007ء

☆ سجاد حیدر یلدرم کی بیٹی تھیں۔

☆ ایم اے انگریزی لکھنو یونیورسٹی سے کیا۔

☆ قراۃ العین حیدر کی تحریروں میں ''جیمز جوائس'' اور ''ورجینا وولف'' کا اثر نظر آتا ہے۔

☆ قراۃ العین حیدر نے پہلی کہانی ''کارٹون'' کے عنوان سے لکھی۔

☆ قراۃ العین حیدر کا پہلا افسانہ ''ایک شام'' ہے۔

☆ ''آئینہ جہاں'' کے نام سے قراۃ العین حیدر کے کلیات کو تین جلدوں میں جمیل اختر نے مرتب کیا۔

☆ قراۃ العین حیدر کے ناول............

۱۔ میرے بھی صنم خانے　۲۔ سفینہ غم دل　۳۔ آگ کا دریا　۴۔ آخر شب کے ہمسفر

۵۔ گردش رنگ چمن　۶۔ چاندنی بیگم

☆ ناول ''میرے بھی صنم خانے'' کا عنوان اقبال کے شعر سے لیا گیا ہے۔ اس کا موضوع تقسیم ہند ہے۔

☆ ناول ''سفینہ غم دل'' کا عنوان فیض کی نظم ''صبح آزادی'' سے لیا گیا ہے۔

☆ ناول ''آگ کا دریا'' کا عنوان جگر مراد آبادی کے شعر سے لیا گیا ہے۔

☆ ناول ''آخر شب کے ہمسفر'' کا عنوان فیض کے شعر سے لیا گیا ہے۔

☆ ''کار جہاں دراز ہے'' قراۃ العین حیدر کا سوانحی ناول ہے۔ اس کے تین حصے ہیں۔

☆ ناول ''کار جہاں دراز ہے'' کا عنوان اقبال کے شعر سے لیا گیا ہے۔

☆ قراۃ العین حیدر کے ناولٹ..........

۱۔ سیتا ہرن　۲۔ ہاؤسنگ سوسائٹی　۳۔ چائے کے باغ　۴۔ دل ربا

☆ افسانوی مجموعے............

۱۔ ستاروں سے آگے ۲۔ پت جھڑ کی آواز ۳۔ روشنی کی رفتار ۴۔ جگنوؤں کی دنیا

☆ "ستاروں سے آگے" پہلا افسانوی مجموعہ ہے۔

☆ "ستمبر کا چاند" اور "کوہ دماند" قراۃ العین حیدر کے رپورتاژ کے مجموعے ہیں۔

☆ "دامان باغباں" قراۃ العین حیدر کے خطوط کا مجموعہ ہے۔

☆ قراۃ العین حیدر کو "گیان پیٹھ ایوارڈ" 1990ء میں ملا۔

# بانو قدسیہ

☆ پیدائش........28 نومبر 1928ء فیروز پور وفات........4 فروری 2017

☆ بانو قدسیہ کو بچپن میں "کا کی" کہہ کر پکارا جاتا تھا۔

☆ بانو قدسیہ اور اشفاق احمد کی ملاقات ایم اے اردو میں ہوئی تھی۔

☆ ۱۶ دسمبر ۱۹۵۶ کو بانو قدسیہ اور اشفاق احمد کی شادی لاہور میں ہوئی۔

☆ انیق احمد، انیس احمد، اور اثیر احمد بانو قدسیہ کے بیٹوں کے نام ہیں۔

☆ بانو قدسیہ کو ستارہ امتیاز ۲۰۰۳ میں ملا۔

☆ کمال فن ایوارڈ بانو قدسیہ کو ۲۰۱۳ کو ملا۔

☆ افسانوی مجموعے........

۱۔ بازگشت ۲۔ دوسرا دروازہ ۳۔ آتش زیرپا ۴۔ امر بیل ۵۔ سامان وجود

۶۔ نا قابل ذکر ۷۔ دست بستہ

☆ ناول........

۱۔ راجہ گدھ ۲۔ حاصل گھاٹ ۳۔ شہر لازوال، آباد ویرانے

☆ ناولٹ........

۱۔ شہر بے مثال ۲۔ موم کی گلیاں ۳۔ پروا ۴۔ ایک دن (چہار چمن "ان چاروں کا مجموعہ ہے)

☆ ڈرامائی مجموعے........

۱۔ فٹ پاتھ کی گھاس ۲۔ لگن اپنی اپنی ۳۔ آدھی بات ۴۔ سورج مکھی

۵۔ حوا کے نام ۶۔ بند گلی ۷۔ تماثیل

☆ "راہ رواں" بانو قدسیہ کی خودنوشت ہے۔

☆ اہم افسانے........

۱۔ کیمیا گر ۲۔ نیلوفر ۳۔ خود شناس ۴۔ بکری اور چرواہا ۵۔ ابن آدم

۶۔ نیو ورلڈ آڈر ۷۔ بہوجی ۸۔ امر بیل

☆ ناول "راجہ گدھ" کا موضوع "حلال اور حرام کا نظریہ" ہے۔

☆ قیوم، پروفیسر سہیل، کے کردار راجہ گدھ کے ہیں۔

☆ حاصل گھاٹ" ناول میں فلیش بیک کی تکنیک استعمال ہوئی ہے۔

☆ موم کی گلیاں، پروا، شہر بے مثال، ناولٹس میں خطوط اور ڈائری کی تکنیک استعمال ہوئی ہے۔

# خدیجہ مستور

☆ پیدائش......... 11 دسمبر 1927ء، بریلی

☆ وفات....... 26 جولائی 1982 لندن میں فوت ہوئیں مگر لاہور میں دفن ہیں

☆ خدیجہ مستور کی شادی احمد ندیم قاسمی کے بھانجے ظہیر بابر سے ہوئی۔

☆ خدیجہ مستور تقسیم کے بعد پاکستان آگئیں تھیں۔

☆ خدیجہ مستور کا آخری مجموعہ "ٹھنڈا میٹھا پانی" ہے۔

☆ خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور دونوں بہنیں تھیں۔

☆ خدیجہ مستور لاہور گلبرگ قبرستان میں دفن ہیں۔

☆ ناول "زمین" ان کی وفات کے بعد 1984ء میں شائع ہوا۔

☆ خدیجہ مستور کے افسانے لاہور کے ہفت روزہ "خیام" اور "ادب لطیف" میں شائع ہوتے رہے۔

☆ افسانوی مجموعے............

ا۔ کھیل 1944ء ۲۔ بوچھاڑ 1946ء ۳۔ چندروز اور 1951ء ۴۔ تھکے ہارے 1962ء ۵۔ ٹھنڈا میٹھا پانی 1981ء

☆ ناول...........

ا۔ آنگن 1962ء ۲۔ زمین 1984ء

☆ ناول "آنگن" پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملا۔

# مستنصر حسین تارڑ

☆ پیدائش:....... یکم مارچ 1939ء لاہور

☆ آبائی گاوں گجرات ہے، مگر لاہور میں قیام ہے۔

☆ تارڑ صاحب پیشے کے لحاظ سے انجینئیر ہیں۔

☆ ان کی وجہ شہرت "سفرنامہ نگاری" اور "ناول نگاری" ہے۔

☆ ناول.............

ا۔ بہاو ۲۔ راکھ ۳۔ خس وخاشاک زمانے ۴۔ اے غزال شب ۵۔ قلعہ جنگی ۶۔ جپسی

☆ ناولٹ.........

ا۔ فاختہ ۲۔ پکھیرو

☆ ڈرامے.........

ا۔ آدھی رات کا سورج ۲۔ شہپر ۳۔ ایک حقیقت ایک افسانہ ۴۔ پرندے

☆ "آدھی رات کا سورج" ان کا پہلا ڈراما ہے۔

☆ سفرنامے.........

ا۔ نکلے تیری تلاش میں ۲۔ اندلس میں اجنبی ۳۔ خانہ بدوش ۴۔ سنہری الو کا شہر ۵

۶۔ آسٹریلیا آوارگی ۷۔ اور سندھ بہتا رہا ۸۔ لندن سے ماسکو تک

☆ "لندن سے ماسکو تک" ان کا پہلا سفرنامہ ہے۔

☆ پیار کا پہلا شہر ان کا پہلا ناول ہے۔
☆ "سیاہ آنکھ میں تصویر" تارڑ صاحب کا افسانوی مجموعہ ہے۔
☆ کالموں کے مجموعے..........

۱۔الو ہمارے بھائی ہیں ۲۔گدھے ہمارے بھائی ہیں ۳۔شتر مرغ ریاست ۴۔تارڑ نامہ

## شوکت صدیقی

☆ پیدائش........ 20 مارچ 1923ء لکھنو وفات........18 دسمبر 2006ء کراچی
☆ ایم اے سیاسیات تھے۔
☆ تقسیم کے بعد پاکستان آگئے اور کراچی میں سکونت اختیار کی۔
☆ روزنامہ "مساوات" کراچی کے ایڈیٹر رہے۔
☆ افسانوی مجموعے..........

۱۔تیسرا آدمی 1952ء ۲۔اندھیرا اور اندھیرا 1955ء ۳۔راتوں کا شہر 1956ء ۴۔کیمیاگر 1984ء

☆ ناول..............

۱۔کمین گاہ 1956ء ۲۔خدا کی بستی 1958ء ۳۔جانگلوس 1988ء ۴۔چاردیواری 1990ء

☆ "جانگلوس" ناول کو "پنجاب کی الف لیلیٰ" کہا جاتا ہے۔
☆ "چاردیواری" ناول کو "لکھنو کی الف لیلیٰ" کہا جاتا ہے۔
☆ "خدا کی بستی" اردو کا واحد ناول ہے جس کے بیالیس زبانوں میں ترجمے ہو چکے ہیں۔
☆ "خدا کی بستی" ناول پر آدم جی ادبی ایوارڈ بھی ملا 1960ء میں۔
☆ "کمال فن ایورڈ" 2002ء میں دیا گیا۔
☆ "طبقاتی جدوجہد اور بنیاد پرستی" ان کے کالموں کا مجموعہ ہے۔
☆ شوکت صدیقی صاحب کراچی میں دفن ہیں۔

## عبداللہ حسین

☆ پیدائش........14 اگست 1931ء راولپنڈی وفات........4 جولائی 2015ء لاہور
☆ اصل نام "محمد اختر" تھا اور "عبداللہ حسین" قلمی نام۔
☆ 1946 میں میٹرک اور 1952ء میں زمیندار کالج سے بی ایس سی کی۔
☆ ادبی زندگی کی پہلی کہانی "ندی" کے عنوان سے لکھی۔
☆ کمال فن ایوارڈ "2012ء" میں دیا گیا۔
☆ ناول..........

۱۔اداس نسلیں 1963ء ۲۔باگھ 1982ء ۳۔نادار لوگ 1996ء

☆ ناولٹ.......

۱۔قید ۲۔رات

☆ افسانوی مجموعے.......

نشیب 1981ء ۲۔ غریب 2012ء

☆ ''نشیب'' میں پانچ افسانے اور دو ناولٹ شامل ہیں۔

☆ ناول ''اداس نسلیں'' پر آدم جی ادبی ایوارڈ ملا۔

☆ عبداللہ حسین کینسر جیسے موذی مرض میں مبتلا تھے۔

# رشید امجد

☆ پیدائش.......5 مارچ 1940ء سری نگر

☆ دریافت'' اور ''تخلیقی ادب'' میگزین کے ایڈیٹر بھی رہے۔

☆ افسانوی مجموعے..........

۱۔ ریت پر گرفت ۲۔ کاغذ کی فصیل ۳۔ بیزار آدم کے بیٹے ۴۔ سہ پہر کی خزاں ۵۔ پت جھڑ میں خود کلامی

۶۔ بھاگے ہیں بیاباں مجھ سے ۷۔ عام آدمی کے خواب ۸۔ ست رنگے پرندے کے تعاقب میں

☆ ''دشت نظر سے آگے'' رشید امجد کی کلیات ہیں۔

☆ رشید امجد کا شمار ''علامتی افسانہ نگاروں'' میں ہوتا ہے۔

# مظہر الاسلام

☆ پیدائش........4 اگست 1949 خانیوال

☆ اردو میں ماسٹر کیا ہوا تھا۔

☆ لوک ورثہ'' کے قومی ادارے میں کام کرتے رہے۔

☆ لوک ورثہ ایوارڈ'' اور صدارتی ایوارڈ'' بھی حاصل کر چکے ہیں۔

☆ ان کا شمار علامتی افسانی نگاروں میں ہوتا ہے۔

☆ ناول.......... ۱۔ محبت مردہ پھولوں کی سمفنی

☆ افسانوی مجموعے..........

۱۔ باتوں کی بارش میں بھیگتی لڑکی ۲۔ گھوڑوں کے شہر میں اکیلا آدمی ۳۔ میں آپ اور وہ

۴۔ خط میں پوسٹ کی ہوئی دوپہر ۵۔ گڑیا کی آنکھ سے شہر کو دیکھو

# انور سجاد

☆ پیدائش...... 27 مئی 1935ء لاہور دفات...... 6 جون 2019ء لاہور

☆ ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھے۔

☆ 1970ء میں حلقہ ارباب ذوق کے سیکرٹری مقرر ہوئے۔

☆ ناول..........

۱۔ خوشیوں کا باغ ۲۔ جنم روپ ۳۔ تلاش وجود ۴۔ رگ سنگ (ناولٹ)

☆ متفرق تصانیف...... ۱۔ استعارے ۲۔ آج ۳۔ چوراہا ۴۔ نیلی کوئل ۵۔ سورج کو ذرا

# منشاء یاد

☆ پیدائش ..... 5 ستمبر 1933ء ٹھٹہ نشتراں                وفات...... 15 اکتوبر 2011ء

☆ منشاء یاد کا تعلق ''شیخوپورہ فاروق آباد'' سے تھا۔

☆ پیشے کے لحاظ سے سول انجینئر تھے۔

☆ افسانوی مجموعے........

۱۔ ماس اور مٹی    ۲۔ خلا اندر خلا    ۳۔ درخت آدمی    ۴۔ تماشا    ۵۔ خواب سرائے

☆ ناول.........    ۱۔ ٹانواں ٹانواں تارا (پنجابی)

☆ ٹیلی ویژن ڈرامہ ''راہیں'' منشاء یاد کے ناول پر ہی مبنی تھا۔

☆ منشاء یاد نے اسلام آباد میں وفات پائی اور وہیں دفن ہیں۔

☆ عالمی فروغ ادب ایوارڈ'' 2010ء میں ملا۔

## اہم کتابیات

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| دکن میں اردو | نصیر الدین ہاشمی | نقوش سلیمانی | سید سلیمان ندوی |
| پنجاب میں اردو | محمود شیرانی | حالی کی اردو نثر نگاری | عبد القیوم |
| ارمغان حالی | حمید احمد خان | حالی فہمی | سید تقی عابدی |
| بیان حالی | اسماعیل پانی پتی | افکار حالی | مولوی عبد الحق |
| وہ تیرا شاعر وہ میرا ناصر | حسن رضوی | ناصر کاظمی فن اور شخصیت | ڈاکٹر ناہید قاسمی |
| ناصر کاظمی ایک دھیان | صلاح الدین احمد | مجھے تو حیران کر گیا وہ | احمد عقیل روبی |
| ہجر کی رات کا ستارہ | احمد مشتاق | شبلی کی حیات معاشقہ | ڈاکٹر وحید قریشی |
| باغ و بہار ایک تجزیہ | ڈاکٹر وحید قریشی | نقد اکبر | غلام حسین ذوالفقار |
| غالب ایک اداکار | انیس ناگی | غالب پریشان | انیس ناگی |
| میرا جی ایک بھٹکا ہوا شاعر | انیس ناگی | سعادت حسن منٹو ایک مطالعہ | انیس ناگی |
| پاکستان میں اردو تنقید کے پچاس سال | شہزاد منظر | پاکستان میں اردو افسانے کے پچاس سال | شہزاد منظر |
| غالب کون ہے | سید قدرت نقوی | غالب کون | سلیم احمد |
| سعادت حسن منٹو ایک نئی تعبیر | فتح محمد ملک | شیشوں کا مسیحا | اشفاق حسین |
| منٹو میرا دشمن | اوپندر ناتھ اشک | منٹو میرا دوست | کیول دھیر |
| منٹو میرا دوست میرا دشمن | احمد سلیم | منٹو نوری نہ ناری | ممتاز شیریں |
| منٹو کون ہے گستاخ | سید عامر سہیل | مطالعہ حالی اور ہم | وارث علوی |

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| یادگار حالی | صالحہ عابد حسین | حالی کا سیاسی شعور | حسن جذبی |
| مجید امجد ایک مطالعہ | حکمت ادیب | میرا جی ایک مطالعہ | جمیل جالبی |
| غلام عباس ایک مطالعہ | شہزاد منظر | صلاح الدین احمد ایک مطالعہ | انور سدید |
| سعادت حسن منٹو ایک مطالعہ | انیس ناگی | پطرس ایک مطالعہ | کرنل غلام سرور |
| اقبال دشمنی ایک مطالعہ | ایوب صابر | عندلیب شادانی ایک مطالعہ | نظیر صدیقی |
| نظیر اکبر آبادی تحقیقی و تنقیدی مطالعہ | خواجہ زکریا | جدید اردو افسانہ | شہزاد منظر |
| اردو افسانہ روایت اور مسائل | گوپی چند نارنگ | اردو افسانہ ایک صدی کا قصہ | انوار احمد |
| اردو افسانے کی روایت | مرزا حامد بیگ | نیا افسانہ | وقار عظیم |
| داستان سے افسانے تک | وقار عظیم | اردو داستان گوئی | سہیل بخاری |
| اردو کی زندہ داستانیں | مظفر عباس | اردو کی نثری داستانیں | گیان چند |
| اردو کی منظوم داستانیں | فرمان فتح پوری | اردو ناول بیسویں صدی میں | ڈاکٹر عبدالسلام |
| اردو ناول آزادی کے بعد | اسلم آزاد | اردو ناول کی تنقیدی تاریخ | احسن فاروقی |
| اردو ناول کے چند اہم زاویے | ممتاز احمد خان | اردو ناول میں آزادی کے تصورات | ڈاکٹر محمد عارف |
| افسانے کی حمایت میں | شمس الرحمان فاروقی | اردو ادب کی تحریکیں | انور سدید |
| اردو ادب کی مختصر تاریخ | انور سدید | تاریخ اردو ادب | جمیل جالبی |
| اردو کی ادبی تحریکیں | گیان چند | اردو ادب کی مختصر ترین تاریخ | ڈاکٹر سلیم اختر |
| اردو ادب کی تاریخ ابتدا سے 1857 تک | تبسم کاشمیری | مبادیات تحقیق | عبدالرزاق قریشی |
| ادبی تحقیق مسائل اور تجزیہ | رشید حسن خان | اصول تحقیق و ترتیب متن | تنویر احمد علوی |
| متنی تنقید | خلیق انجم | ادبی تحقیق کے اصول | تبسم کاشمیری |
| اردو میں اصول تحقیق | سلطانہ بخش | تحقیق کا فن | گیان چند |
| تحقیق شناسی | رفاقت علی شاہد | تصنیف اور تحقیق کے اصول | قاضی عبدالقادر |
| ادبی و لسانی تحقیق | عبدالستار دلوی | جامعات میں تحقیق | رفیع الدین ہاشمی |
| آزادی سے قبل اردو تحقیق | ڈاکٹر محمد اکمل | تشریحی لسانیات | سہیل بخاری |
| اردو لسانیات | شوکت سبزواری | ہندوستانی لسانیات | محی الدین قادری زور |
| ہندوستانی لسانیات کا خاکہ | احتشام حسین | لسانیات اور تنقید | ناصر عباس نیر |
| شعری لسانیات | انیس ناگی | توضیحی لسانیات | ایچ اے گلیسن |
| لسانی مطالعے | گیان چند | لسانی مسائل | شوکت سبزواری |
| اردو لسانیات کا مختصر خاکہ | احتشام حسین | ہمارے لسانی مسائل | خیال بخاری |

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | مصنف |
|---|---|---|---|
| اردو ڈرامے کا ارتقاء | عشرت رحمانی | اردو مثنوی کا ارتقاء | عبدالقادر سروری |
| اردو تنقید کا ارتقاء | عبادت بریلوی | اردو مرثیہ کا ارتقاء اردو مرثیے کی روایت | مسیح الزمان |
| اردو ناول کا ارتقاء | یحییٰ صبا | اردو نثر کا ارتقاء | عابدہ بیگم |
| اردو سوانح نگاری کا ارتقاء | فرمان فتح پوری | اردو افسانے کا ارتقاء | مسعود رضا خاکی |
| اردو شاعری کا ارتقاء | سید شاہ عالی | اردو نثر کا آغاز وارتقاء | رضیہ سلطانہ |
| یادگار غالب | مولانا حالی | یادگار حالی | صالحہ عابد حسین |
| یادگار شبلی | شیخ محمد اکرام | ارمغان حجاز | علامہ اقبال |
| ارمغان غالب | شیخ اکرام | ارمغان مجنوں | مجنوں گورکھپوری |
| ارمغان حالی | حمید احمد خان | حیات جاوید | حالی |
| حیات غالب | شیخ اکرام | حیات شبلی | سلیمان ندوی |
| حیات انیس | امجد علی اسیری | حیات دبیر | ثاقب لکھنوی |
| حیات نذیر | افتخار عالم [illegible] | نقد میر | سید عبداللہ |
| نقد سرشار | تبسم کاشمیری | نقد اقبال | مکیش اکبرآبادی |
| ارسطو سے ایلیٹ تک | جمیل جالبی | افلاطون سے ایلیٹ تک | ڈاکٹر عابد صدیقی |
| ولی سے اقبال تک | سید عبداللہ | میرامن سے عبدالحق تک | سید عبداللہ |
| میرامن سے یلدرم تک | پروفیسر افتخار حسین | آب حیات | محمد حسین آزاد |
| تنقید آب حیات | محمود شیرانی | اردو املاء | رشید حسن خان |
| اردو املاء نامہ | گوپی چند نارنگ | اردو کا عروض | حبیب اللہ غضنفر |
| اردو کا اپنا عروض | گیان چند | دہلی کا دبستان شاعری | نورالحسن ہاشمی |
| لکھنو کا دبستان شاعری | ابواللیث صدیقی | لاہور کا دبستان شاعری | علی محمد خان |
| اردو شاعری [illegible] | مسعود حسن رضوی ادیب | اردو غزل | یوسف حسین خان |
| اردو قصیدہ نگاری [illegible] | ام ہانی اشرف | اردو مرثیہ نگاری | ام ہانی اشرف |
| اردو انشائیہ نگاری | بشیر سیفی | اردو میں خاکہ نگاری | نثار احمد فاروقی |
| اقبال شناسی [illegible] | علی سردار جعفری | تحقیق شناسی | رفاقت علی شاہد |
| انیس شناسی | گوپی چند نارنگ | اردو زبان کی تدریس | معین الد[illegible] |
| اردو کی نئی بستیاں | گوپی چند نارنگ | اردو کا المیہ | مسعود ا[illegible] |
| اردو کے اسالیب بیان | محی الدین قادری زور | اردو ادب کی موت | طاہر[illegible] |
| مطالعہ اکبر | غلام حسین ذوالفقار | احوال نقد حالی | شمیم[illegible] |

| نام کتاب | مصنف | نام کتاب | |
|---|---|---|---|
| اکبر اس دور میں | اختر انصاری اکبر آبادی | حالی کا ذہنی ارتقاء | غلام مصطفیٰ |
| حالی بحیثیت شاعر | شجاعت سندیلوی | مراۃ العروس کا تجزیاتی مطالعہ | سلیم اختر |
| انارکلی کا تجزیاتی مطالعہ | سلیم اختر | اردو کا بہترین انشائی ادب | وحید قریشی |
| انشائیہ کی بنیاد | سلیم اختر | ممکنات انشائیہ | مشکور حسین یاد |
| اردو انشائیہ کے ابتدائی نقوش | لطیف ساحل | پاکستان میں اردو | طاہر فاروقی |
| پاکستانی اردو کے خدوخال | عطش درانی | قدیم لکھنو کی آخری بہار | جعفر حسین |
| لکھنو کی تہذیبی میراث | صفدر حسین | نقد الادب | حامد اللہ افسر |
| اندازے | فراق گورکھپوری | اردو کی عشقیہ شاعری | فراق گورکھپوری |
| تنقیدی حاشیے | تنقیدی جائزے | تنقیدی نظریات | احتشام حسین |
| تنقیدی اشارے | آل احمد سرور | ادب اور زندگی | مجنوں گورکھپوری |
| ادب اور انقلاب | اختر حسین رائے پوری | ترقی پسند ادب | عزیز احمد |
| ترقی پسند ادب | علی سردار جعفری | اردو ہندی تنازع | فرمان فتح پوری |
| اردو زبان کی قدیم تاریخ | عین الحق فریدکوٹی | آج کا اردو ادب | ابواللیث صدیقی |
| مغرب کے تنقیدی اصول | سجاد باقر رضوی | مغرب کے تنقیدی نظریے | جیلانی کامران |
| اردو ادب کے مغربی دریچے | نظیر صدیقی | سانحہ کربلا بطور شعری استعارہ | گوپی چند نارنگ |
| علامتوں کا زوال | انتظار حسین | فورٹ ولیم کالج تحریک و تاریخ | سید وقار عظیم |
| فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات | ڈاکٹر عبیدہ بیگم | منٹو کی حقیقت نگاری | عبادت بریلوی |
| منٹو مرگیا منٹو زندہ ہے | منظور حسین شمیم | علامتوں کے سرچشمے | ڈاکٹر سہیل احمد خان |
| محاسن کلام غالب | عبدالرحمان بجنوری | محاسن خطوط غالب | غلام حسین ذوالفقار |
| محاسن الفاظ غالب | نذیر احمد ایم اے | جدیدیت کیا ہے | ن م راشد |
| جدیدیت ایک مطالعہ | سلیم اختر | اشارات تنقید | سید عبداللہ |
| روح تنقید | محی الدین قادری زور | تنقید کیا ہے | آل احمد سرور |
| خدائے سخن میر | ادریس صدیقی | محمد تقی میر | جمیل جالبی |
| فیض میر | حسن رضوی | انتخاب کلام میر | مولوی عبدالحق |
| میر اور میریات | صفدر آہ | اسلوبیات میر | گوپی چند نارنگ |
| مطالعہ ولی | اے بی اشرف | سودا | شیخ چاند |
| امجد فہمی | تقی عابدی | اسلوبیاتی تنقید | مرزا [illegible] |
| ساختیات ایک تعارف | ناصر عباس نیر | اردو ناول کی تاریخ اور تنقید | علی عبا[illegible] |

# طنز و مزاح

☆ اردو کے مشہور مزاح نگار اکبر الہ آبادی پیشے کے لحاظ سے جج تھے۔

☆ اردو کے پہلے مزاحیہ شاعر جعفر زٹلی کو مانا جاتا ہے۔

☆ مزاحیہ کردار ''خوجی'' رتن ناتھ سرشار کا ہے۔

☆ اودھ پنچ'' اردو کا مشہور رسالہ تھا جس نے مزاح نگاری کو فروغ دیا۔

☆ ''انڈر گریجویٹ'' مزاح نگار شوکت تھانوی کو کلیم الدین احمد نے کہا۔

☆ ''چچا چھکن'' اردو ادب کا مشہور کردار امتیاز علی تاج کا تخلیق کردہ ہے۔

☆ ''پیاز کے چھلکے'' کے عنوان سے کالم فکر تونسوی لکھا کرتے تھے۔

☆ ''خنداں'' رشید احمد صدیقی کی کتاب ہے۔

☆ موج تبسم، بحر تبسم، طوفان تبسم اور سیلاب تبسم، شوکت تھانوی کی کتابیں ہیں۔

☆ مرید پور کا پیر، کتے، مرحوم کی یاد میں، لاہور کا جغرافیہ، اردو کی آخری کتاب، پطرس بخاری کے مضامین ہیں۔

☆ ''مرزا عبدالودود بیگ'' مشتاق احمد یوسفی کا تخلیق کردہ کردار ہے۔

☆ ''مضامین پطرس'' میں کل گیارہ مضمون ہیں۔

☆ کنہیا لال کپور ''مجھے میرے دوستوں کو بچاؤ'' کے عنوان سے کالم لکھا کرتے تھے۔

☆ ''مجھے میرے بزرگوں سے بچاؤ'' ''سنانے کا مرض'' ''انکم ٹیکس والے'' کنہیا لال کپور کے مضامین ہیں۔

☆ ''نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی'' مرزا فرحت اللہ بیگ کا مزاحیہ لکھا ہوا خاکہ ہے۔

☆ ''جا بیل اسے مار'' اعتبار ساجد کے مزاحیہ کالم ہیں۔

☆ ''ولایتی زعفران'' ضمیر جعفری کی مزاحیہ شاعری کی کتاب ہے۔

☆ ''مسدس بدحالی'' ضمیر جعفری کی کتاب ہے۔

☆ ''سر راہے'' مسعود مفتی کے مزاحیہ انشائیے اور افسانے ہیں۔

☆ چراغ تلے، خاکم بدہن، زرگزشت، آب گم، اور شام شعر یاراں، مشتاق یوسفی کی کتابیں ہیں۔

☆ ''طنزیات و مضحکات'' رشید احمد صدیقی کی کتاب ہے۔

☆ ''بجنگ آمد'' ''بسلامت روی'' اور ''بزم آرائیاں'' کتابیں کرنل محمد خان کی ہیں۔

☆ ''حماقتیں'' اور ''مزید حماقتیں'' شفیق الرحمان کی کتابیں ہیں۔

☆ ''تیر نیم کش'' اور ''شوخی تحریر'' سید محمد جعفری کی کتابیں ہیں۔

☆ ''سودیشی ریل'' ''شیش محل'' ''قاعدہ بے قاعدہ'' شوکت تھانوی کی کتابیں ہیں۔

☆ ''قاضی جی'' مشہور کردار شوکت تھانوی کا تخلیق کردہ ہے۔

☆ ''پہلی بیگم'' مزاحیہ ناول شوکت تھانوی کا ہے۔

☆ ''برق تبسم'' کتاب شوکت تھانوی کی ہے۔

☆ ''گل دستہ'' ''شناخت پریڈ'' ''افراتفریح'' ''شیطانیاں'' ''خندہ زن'' ''مزاح پارے'' ڈاکٹر یونس بٹ کے ہیں۔

☆ مزاحیہ ناول "فسانہ آزاد" رتن ناتھ سرشار نے لکھا۔

☆ "فسانہ آزاد" قسط وار اودھ پنچ اخبار میں شائع ہوتا رہا۔

☆ "فتنہ و عطر فتنہ" ریاض خیر آبادی کا مزاحیہ اخبار تھا۔

☆ "ظریفانہ شاعری کا معلم" اکبر الہ آبادی کو کہتے ہیں۔

☆ علامہ اقبال کی مزاحیہ شاعری "بانگ درا" میں شامل ہے۔

☆ "دلی کا آخری یادگار مشاعرہ" مرزا فرحت اللہ بیگ کی تصنیف ہے۔

☆ "زندگی، شادی، صبح لطافت، خطوط رموزی" ملا رموزی کی تصانیف ہیں۔

☆ "شیخ چلی کی ڈائری" خواجہ حسن نظامی کی تصنیف ہے۔

☆ "مسز کرٹ بلے، کولتار، شہ زوری" عظیم بیگ چغتائی کی کتابیں ہیں۔

☆ "خدانخواستہ، مولانا، کارٹون، جوڑ توڑ" شوکت تھانوی کے مزاحیہ ناول ہیں۔

☆ "غالب کے ڈرامے" شوکت تھانوی کا مزاحیہ ڈراما ہے۔

☆ "شیش محل" میں مزاحیہ خاکے اور "سودیشی ریل" میں مزاحیہ مضامین ہیں، دونوں شوکت تھانوی کی کتابیں ہیں۔

☆ "قاضی جی" پاکستان کا پہلا مزاحیہ کردار ہے۔ (بقول امتیاز علی تاج)

☆ "ٹھونگے" اور "لاجواب الو" ایم اسلم کی تحریریں ہیں۔

☆ "عید وہدف" "کف گل فروش" فرقت کاکوروی کے مزاحیہ مضامین ہیں۔

☆ "مداوا" فرقت کاکوروی کی پیروڈی پر مشتمل کتاب ہے۔

☆ "گدھے کی سرگزشت" "گدھے کی واپسی" کرشن چندر کے مزاحیہ افسانے ہیں۔

☆ "کیسر کیاری" احمد ندیم قاسمی کی مزاحیہ تصنیف ہے۔

☆ "بدنام کتاب" فکر تونسوی کی کتاب ہے۔

☆ "داستان غریب حمزہ" اے حمید کی کتاب ہے۔

☆ "پبلک سیفٹی ریزر" ابراہیم جلیس کی مزاحیہ تصنیف ہے۔

☆ "افکار و حوادث" کے عنوان سے عبدالمجید سالک کالم لکھتے تھے۔

☆ "اردو کی پہلی کتاب" مزاحیہ تصنیف حاجی لق لق کی ہے۔

☆ "جدید جغرافیہ پنجاب" چراغ حسن حسرت کی پیروڈی کی کتاب ہے۔

☆ "کیلے کا چھلکا" چراغ حسن حسرت کی کتاب ہے۔

☆ مزاحیہ پرچہ "نمکدان" مجید لاہوری نکالتے رہے۔

☆ "سرگوشیاں، روزن دیوار سے، حسب معمول" عطاء الحق قاسمی کی تصانیف ہیں۔

☆ "چچا سام" کا کردار منٹو کا تخلیق کردہ ہے، جو کہ ان کی تصنیف "تلخ ترش شیریں" میں ہے۔

☆ "چچا عبدالباقی" کا مزاحیہ کردار محمد خالد اختر کا تخلیق کردہ ہے۔

☆ "افکار پریشاں" جسٹس ایم آر کیانی کی مزاحیہ تقاریر ہیں۔

☆ "کارنامے نواب تیس مار خان کے" ابن انشاء کی تصنیف ہے۔

☆ "مرزا غالب رائل پارک میں" اے حمید کی تصنیف ہے۔
☆ "بیلی کرتھا کے غار" "ممنوعہ لٹریچر" "ہنسے اور پھنسے" ابراہیم جلیس کی تصانیف ہیں۔
☆ "مکاتیب خضر" خالد اختر کی تصنیف ہے جس میں غالب کے خطوط کی پیروڈی کی گئی ہے۔
☆ "چند پاکستانی پرندے"، "چند پاکستانی درندے"، "اردو کی پانچویں کتاب" تصانیف خالد اختر کی ہیں۔
☆ "لاحول ولاقوۃ"، "ستم ظریف"، "تماشا کہیں جسے" مشکور حسین یاد کی تصانیف ہیں۔
☆ "دست وگریباں" میرزا ریاض کے مزاحیہ مضامین ہیں۔
☆ "سخن ہائے گفتنی"، "گفتنی نہ گفتنی"، "سن تو سہی"، "خامہ بگوشیاں" مشفق خواجہ کے کالموں کے مجموعے ہیں۔
☆ "حرف وحکایت" کے نام سے کالموں کا مجموعہ چراغ حسن حسرت کا ہے۔
☆ اردو کا "ٹامس گرے" پطرس بخاری کو کہتے ہیں۔
☆ "سیب کا درخت" پطرس بخاری کی ترجمہ شدہ تصنیف ہے۔

# پطرس بخاری

☆ پیدائش.........یکم اکتوبر 1898ء پشاور وفات.....5 دسمبر 1958ء نیویارک
☆ اصل نام.....سید احمد شاہ والد کا نام.....اسد اللہ شاہ بخاری
☆ گورنمنٹ کالج لاہور سے ایم اے انگریزی کیا۔
☆ اقوام متحدہ میں پاکستان کے پہلے مندوب رہے۔
☆ گورنمنٹ کالج لاہور میں 1922ء میں لیکچرر رہے۔
☆ گورنمنٹ کالج لاہور کے پرنسپل بھی رہے۔
☆ لیاقت علی خان کے ساتھ امریکہ اور کینیڈا کا دورہ بھی کیا۔
☆ اقوام متحدہ کے ماتحت سیکرٹری انچارج تعلقات عامہ بھی رہے۔
☆ ان کے مزاحیہ مضامین کا مجموعہ "مضامین پطرس" کے نام سے شائع ہوا۔
☆ مضامین پطرس میں گیارہ مضامین ہیں۔
☆ مضامین..........

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۔کل سویرے جو آنکھ میری کھلی | ۲۔ہاسٹل میں پڑنا | ۳۔لاہور کا جغرافیہ | ۴۔مرحوم کی یاد میں |
| ۵۔اردو کی آخری کتاب | ۶ مرید پور کا پیر | ۷۔سینما کا عشق | ۸۔انجام بخیر |
| ۹۔میں ایک میاں ہوں | ۱۰۔کتے | ۱۱۔میبل اور میں | |

☆ "مضامین پطرس" کے پہلے ایڈیشن کا دیباچہ رشید احمد صدیقی نے لکھا تھا۔

# مشتاق احمد یوسفی

☆ پیدائش.....4 ستمبر 1923ء ٹونک وفات 20 جون 2018ء کراچی
☆ آگرہ یونیورسٹی سے فلسفہ میں ایم اے کیا۔

☆ علی گڑھ یونیورسٹی سے وکالت کی ڈگری لی۔

☆ بینک کے شعبہ سے وابستہ رہے۔

☆ تصانیف........

۱۔ چراغ تلے 1961ء ۲۔ خاکم بدہن 1969ء ۳۔ زرگزشت 1976ء ۴۔ آب گم 1990ء ۵۔ شام شعر یاراں 2014ء

☆ ''آب گم'' میں دیباچہ سمیت چھ مضامین ہیں اور اس کے دیباچے کا نام ''غنودیم غنودیم'' ہے۔

☆ ''چراغ تلے'' میں مقدمہ سمیت تیرہ مضامین ہیں۔

☆ ''چراغ تلے'' کے مقدمے کا عنوان ''پہلا پتھر'' ہے۔

☆ ''خاکم بدہن'' کے دیباچے کا نام ''دست زلیخا'' ہے اور اس میں آٹھ مضامین شامل ہیں۔

# کرنل محمد خان

☆ پیدائش.....15 اگست 1910ء چکوال وفات.....23 اکتوبر 1999ء راولپنڈی

☆ اکنامکس میں ایم اے کیا، 1934ء میں پنجاب یونیورسٹی سے۔

☆ کرنل محمد خان نے پہلی کہانی ''بڑبلی چوہے'' کے عنوان سے لکھی۔

☆ پہلی نظم ''حمد خدا'' کے عنوان سے لکھی۔

☆ کچھ عرصہ ''صادق'' تخلص کیا اور بعد میں ''نسیم'' لکھتے رہے۔

☆ تصانیف........

۱۔ بجنگ آمد: 1966ء۔ یہ ان کی پہلی کتاب ہے، اس کتاب کا پس منظر دوسری جنگ عظیم ہے۔

۲۔ بسلامت روی: 1975ء۔ ان کا سفرنامہ ہے اور ان کی طویل کتاب ہے۔

۳۔ بزم آرائیاں: 1980ء

۴۔ بدیسی مزاح پاکستان میں: 1992ء۔ یہ کتاب ترجمہ شدہ ہے

☆ ''اردو پنچ'' ان کا مزاحیہ رسالہ تھا جو 1981ء میں نکالا۔

☆ کرنل محمد خان چکوال میں دفن ہیں۔

# شفیق الرحمان

☆ پیدائش.....9 نومبر 1920ء کلانور ہندوستان وفات.....19 مارچ 2000ء

☆ ایم بی بی ایس ڈاکٹر تھے۔

☆ بحری فوج سے ''ریئر ایڈمرل سرجن'' کے عہدے سے ریٹائرڈ ہوئے۔

☆ 1980ء میں اکادمی ادبیات کے چیئرمین بھی رہے۔

☆ تصانیف........

۱۔ کرنیں ۲۔ شگوفے ۳۔ لہریں ۴۔ مدوجزر ۵۔ حماقتیں ۶۔ مزید حماقتیں

''کرنیں'' پہلا افسانوی مجموعہ ہے، اس کا دیباچہ حجاب امتیاز علی تاج نے لکھا۔

☆ ''دجلہ'' میں چار مضامین شامل ہیں۔ (نیل، دھند، ڈینوب، دجلہ)

☆ ''دجلہ'' میں مزاح کے کردار.....(شیطان، حکومت آپا، مقصود گھوڑے ہیں)

# شعری اصناف

## ☆ غزل......

لغوی معنی ''عورتوں سے باتیں کرنا'' کے ہیں۔اشعار کی تعداد کم از کم پانچ اور زیادہ کی تعداد متعین نہیں بس شعروں کی تعداد طاق ہو۔
(مطلع)....غزل کا پہلا شعر جس کے دونوں مصرعوں میں قافیہ اور ردیف ہو۔(ردیف کو لازمی نہیں سمجھا جاتا)۔
(حسن مطلع)..غزل میں مطلع کے بعد اگر دوسرا شعر بھی ہم قافیہ مصروں پر مشتمل ہو تو اسے حسن مطلع کہتے ہیں۔
(بیت الغزل)..غزل کے بہترین شعر کو بیت الغزل کہتے ہیں۔
(مقطع)....غزل کا آخری شعر جس میں شاعر نے تخلص استعمال کیا ہو، مقطع کہلاتا ہے۔اگر تخلص استعمال نہ کیا گیا ہو تو اسے صرف آخری شعر کہیں گے۔(زمین)..غزل کی ردیف، قافیہ اور وزن سے مراد زمین ہے۔

## ☆ آزاد غزل......

اس کی اختراع 1945ء میں مظہر امام نے کی۔اس میں ایک ہی وزن کے چھوٹے بڑے مصرعے ہوتے ہیں۔چھوٹے مصرعے باہم مقفیٰ اور بڑے مصرعوں میں پہلے مصرعے باہم مقفیٰ اور دوسرے مصرے آپس میں ہوتے ہیں۔

## ☆ قطعہ........

اس میں مطلع نہیں ہوتا، تمام اشعار کے دوسرے مصرعے باہم مقفیٰ ہوتے ہیں اور اس کے تمام اشعار معنوی اعتبار سے ایک دوسرے سے منسلک ہوتے ہیں۔اس میں کم سے کم اشعار کی تعداد دو اور زیادہ ایک سو ستر ہو سکتی ہے۔

## ☆ قصیدہ.....

عربی لفظ ''قصد'' سے ماخوذ ہے۔جس کے معنی ''ارادہ'' کرنے کے ہیں۔یعنی ایسی نظم جس میں کوئی شاعر ارادتاً کسی کی تعریف بیان کرے۔
قصیدے اور غزل کی ہیت ایک ہی ہوتی ہے۔

## ☆ مرثیہ......

عربی لفظ ''رثا'' سے ماخوذ ہے، جس کا مطلب ہے ''مرنے والے کی تعریف کرنا''۔ایسی نظم جس میں کسی شخص کی وفات یا شہادت کا حال تمام تر مشکلات جو اس شخص کو پیش آئیں کا بیان، خصوصاً شہدائے کربلا کی شہادت کے واقعات کا بیان مرثیہ کہلاتا ہے۔

## ☆ شہر آشوب......

لغوی مطلب ''فتنہ و فساد'' کے ہیں۔ایسی نظم جس میں کسی شہر کے اجڑنے اور برباد ہونے کا ذکر ہو شہر آشوب کہلاتا ہے۔

## ☆ مثنوی......

عربی لفظ ''مثنیٰ'' سے ماخوذ ہے، اس کا مطلب ''دو، دو'' کے ہیں۔ایسی نظم جس میں کوئی بات مسلسل یا کہانی بیان کی جائے۔ہر شعر کا قافیہ الگ ہوتا ہے، پوری مثنوی ایک ہی بحر میں ہوتی ہے۔

## ☆ سی حرفی......

پنجابی قدیم صنف ہے۔اس نظم میں ہر حروف تہجی سے شروع کر کے ایک دو شعر کہے جاتے ہیں۔وہ حرف اپنے پورے نام کے ہوتا ہے۔ہر حرف کے بارے میں ایک شعر یا چار سے چھ مصرعوں کا ایک بند ہوتا ہے۔

☆ **کہہ مکرنی......**

چار مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ پہلے تین مصرعوں میں ایسا احساس پیدا کیا جاتا ہے کہ جیسے ساجن کا ذکر ہو، الفاظ میں جنس زدگی کا گمان ہو پھر آخری مصرعے میں اس احساس کو دور کر کے کسی دوسری چیز کا ذکر کر دیا جائے، کہہ مکرنی کہلاتا ہے۔

☆ **رباعی.....**

لفظ "ربع" سے ماخوذ ہے معنی "چار، چار" کے ہیں۔ چار مصرعوں پر مشتمل مختصر نظم ہوتی ہے۔ پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرعہ ہم قافیہ اور ردیف ہوتے ہیں۔ رباعی میں موضوع کی کوئی قید نہیں ہوتی۔

☆ **منقبت......**

اس لفظ کا تعلق عربی زبان سے ہے۔ یہ ایک ایسی نظم ہے جس میں صحابہ کرام، ولی اللہ اور بزرگان دین کی تعریف بیان کی جائے۔

☆ **نظمانہ.....**

اس نظم میں موجودہ زندگی کے مسائل کو افسانہ بنا کر نظم میں پیش کیا جاتا ہے۔ محسن بھوپالی اس کے ایجاد کردہ ہیں۔

نظم+افسانہ=نظمانہ

☆ **بارہ ماسہ.....**

ہندی صنف ہے۔ اس نظم میں خالص خاندانی عشق کے جذبات ہوتے ہیں۔ یہ مثنوی کی ہیت میں ہوتی ہے۔ عورت اپنے شوہر کی یاد میں اپنے جذبات کا بیان بارہ مہینے کرتی ہے۔ اس نظم کو بارہ ماسہ کہتے ہیں۔

☆ **مناجات.....**

ایسی نظم ہے، جس میں اللہ کی تعریف کے ساتھ ساتھ اللہ سے دعا اور التجا بھی کی جائے۔ یعنی اس نظم میں بندہ اللہ سے کچھ طلب کرتا ہے۔

☆ **گیت......**

غنائیہ نظم ہے، ہندی سے اردو میں آئی۔ ہیت غنائیہ ہوتی ہے۔ اور دس پندرہ سطروں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اصطلاح میں عورت کا مرد کو مخاطب کر کے محبت کا اظہار کرنا گیت کہلاتا ہے۔

☆ **دوہا.....**

عروضی صنف ہے۔ ایک شعر کے برابر ہوتا ہے۔ دونوں مصرعے ہم قافیہ و ردیف ہوتا ہے۔ اردو کے لحاظ سے اس کا مثالی وزن (فعلن فعلن، فاعلن، فعلن، فعلن، فاع) ہوتا ہے۔ فرد کی طرح عموماً اکیلا ہوتا ہے۔

☆ **سانیٹ....**

مغرب سے آئی چودہ مصرعوں کی نظم ہے۔ اس کے دو حصے ہوتے ہیں۔ پہلا آٹھ مصرعوں پر دوسرا چھ مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ پہلے حصے میں (، چوتھا، پانچواں اور آٹھواں) مصرعہ ہم قافیہ جبکہ دوسرے حصے میں (نواں، دسواں، گیارہواں، بارہواں اور تیرہواں) مصرعہ ہم [illegible] ہے۔ سانیٹ کا موضوع غزل کی طرح حسن و عشق ہے۔

☆ **ہائیکو......**

تین مصرعوں پر مشتمل جاپانی صنف ہے۔ پہلے اور آخری مصرعے کے پانچ رکن اور درمیان والے کے سات رکن ہوتے ہیں۔ [illegible] ترتیب ہوتی ہے۔ اس میں مضمون کی قید نہیں ہوتی۔

☆ **ثلاثی.....**

تین مصرعوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس میں اور ہائیکو میں یہ فرق ہے کہ ہائیکو کے مختلف ارکان مقرر ہوتے ہیں، جبکہ ثلاثی کے تینوں مصرعے برابر ہوتے ہیں۔ پاکستان میں ثلاثی کی ایجاد حمایت علی شاعر کے سر ہے۔ اس میں زیادہ تر عصری مسائل کو بیان کیا جاتا ہے۔

☆ **ماہیا.....**

پنجابی صنف ہے۔ تین مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ پہلا مصرعہ غیر متعلقہ لیکن باقی دو مصرعوں کی اٹھان میں مدد کرتا ہے۔ اور تیسرے مصرعے کے قافیہ اور ردیف سے مطابقت پیدا کرتا ہے۔ اس میں زیادہ تر ہجر و وصال کے مضامین بیان کیے جاتے ہیں۔

☆ **مثلث.....**

بند کی شکل میں پہلے تین مصرعوں میں قافیہ ہوتا ہے۔ بعد میں آنے والے بندوں میں پہلے دو مصرعے کسی اور قافیہ میں ہوتے ہیں اور تیسرا مصرعہ پہلے بند سے ہم قافیہ ہوتا ہے۔ یہ مثلث کی معیاری شکل ہے۔

☆ **مربع.....**

بند کی صورت میں ہوتا ہے۔ معیاری صورت یہ ہے کہ پہلے بند کے چاروں مصرعے باہم مقفیٰ ہوں اور بعد میں آنے والے بند کے پہلے تین مصرعے کسی دوسرے قافیے اور چوتھا مصرعہ پہلے بند کے ساتھ مقفیٰ ہو۔

☆ **مخمس......**

پانچ بندوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ پہلے بند کے پانچوں مصرعے ہم قافیہ ہوں اور بعد میں آنے والے بند کے پہلے چار مصرعے اور قافیہ میں اور پانچواں مصرعہ پہلے بند سے مقفیٰ ہو۔

☆ **مسدس.....**

چھ مصرعوں پر مشتمل ہے۔ پہلے چار مصرعے ہم قافیہ و ردیف، جبکہ پانچواں اور چھٹا مصرعہ الگ قافیے میں ہوتا ہے۔

☆ **مسبع.......**

معیار صورت یہ ہے کہ پہلے بند کے ساتوں مصرعے ایک قافیہ میں اور بعد کے بندوں میں پہلے چھ مصرعے کسی دوسرے قافیے میں اور ساتواں مصرعہ پہلے بند کے ساتھ مقفیٰ ہوتا ہے۔

☆ **مثمن......**

اس میں آٹھ مصرعے ہوتے ہیں۔ بند کی شکل میں پہلے آٹھ باہم مقفیٰ ہوتے ہیں۔ دوسرے بندوں میں پہلے سات دوسرے قافیہ میں اور پھر آٹھواں مصرعہ پہلے مصرعے کے ہم قافیہ ہوتا ہے۔

☆ **ترکیب بند.....**

ایسی نظم جو بند کی شکل میں لکھی جائے اور بندوں میں مصرعوں کی تعداد پانچ چھے یا زیادہ بھی ہوتی ہے۔ ترکیب بند میں ہر بند کے آخر میں آ... شعر تبدیل ہو جاتا ہے۔ بندوں میں شعروں کی تعداد پر کوئی قید نہیں۔

☆ **ترجیع بند......**

اس میں بھی بند شامل ہوتے ہیں، بندوں میں شعروں کی تعداد متعین نہیں۔ ہر بند کے آخر میں آنے والا شعر یا مصرعہ بار بار دہرا... سے اس کو "ٹیپ کا شعر یا مصرعہ" کہتے ہیں۔

☆ **معریٰ نظم.....**

اس نظم میں مصرعوں کے ارکان برابر ہوتے ہیں، لیکن ان میں قافیہ نہیں ہوتا۔

☆ **آزاد نظم.....**

ایک ہی بحر پر مشتمل ہوتی ہے، قافیہ نہیں ہوتا اور مصرعے چھوٹے بڑے ہوتے ہیں۔

## نثری اصناف

☆ **داستان.....**

مافوق الفطرت عناصر پر مشتمل طویل قصہ ہوتا ہے۔ ایک خیالی دنیا ہوتی ہے جس کو پڑھ کر لطف اٹھایا جاتا ہے۔

☆ **ناول.....**

ناول'' کا مطلب ''نیا اور انوکھا'' ہوتا ہے۔ اس کی بنیاد حقیقت پر مبنی ہوتی ہے، موضوع اس کا انسان ہوتا ہے اور اس میں زندگی کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیا جاتا ہے۔ یعنی زندگی کے تمام واقعات کو بیان کیا جاتا ہے۔

☆ **مختصر افسانہ.....**

یہ مختصر کہانی ہوتی ہے، اس میں زندگی کے کسی ایک پہلو کا احاطہ کیا جاتا ہے، یعنی اس مین صرف ایک واقعہ بیان کیا جاتا ہے۔

☆ **افسانچہ.....**

یہ دو، چار، آٹھ، دس سطروں پر مشتمل افسانہ ہوتا ہے۔ یعنی مختصر الفاظ میں معنی کی مکمل ترسیل کی جاتی ہے۔

☆ **ناولٹ.....**

ناول کی ایک قسم ہے، جو طویل مختصر افسانے سے بڑی اور ناول سے چھوٹی ہوتی ہے۔ مگر تکنیک کے لحاظ سے یہ ناول ہے۔

☆ **ڈراما.....**

اس کا مطلب ''کر کے دکھانا'' ہے۔ اس میں ایک مکمل کہانی ہوتی ہے جو کرداروں کی حرکات وسکنات اور مکالموں کی ذریعے اسٹیج پر پیش کی جاتی ہے۔

☆ **ملفوظات.....**

صوفیا کرام اور بزرگوں کے ایک یا دو جملوں پر مبنی اقوال ملفوظات کہلاتے ہیں۔

☆ **انشائیہ.....**

انگریزی ادب سے اردو میں آیا ہے۔ اس میں کوئی ادیب اپنے خیالات یا جذبات کو کسی حد بندی کے بغیر بیان کرتا ہے۔ اس کا انداز او نظر خالص شخصی ہوتا ہے۔

☆ **مقالہ.....**

سنجیدہ علمی موضوعات پر مشتمل ہوتا ہے، انشائیہ اور مضمون سے مختلف ہوتا ہے۔ انشائیہ دس پندرہ صفحات جبکہ مضمون پچیس تیس صفحا مگر مقالہ کے لیے ایسا کوئی قدغن نہیں۔

☆ **سوانح......**

اس میں کسی دوسرے شخص کی حالاتِ زندگی اور شخصیت کے بارے میں لکھا جاتا ہے۔

☆ **خودنوشت سوانح......**

اس میں مصنف خود اپنے حالاتِ زندگی اور شخصیت کے بارے میں لکھتا ہے۔

☆ **خاکہ......**

یہ کسی شخصیت کی قلمی تصویر ہوتی ہے۔اس میں خارجی شخصیت کا بیان بھی ہوتا ہے لیکن زیادہ تر داخلی عادات واطوار اور پسند وناپسند کی تفصیل ہوتی ہے۔

☆ **روزنامچہ.......**

اس میں کوئی شخص اپنی ماہ و سال کے کسی دور کا تاریخی سلسلے سے بیان کرتا ہے اس میں داخلی بیانات کے ساتھ ساتھ خارجی بیانات بھی ہوتے ہیں۔خودنوشت سوانح اور اس میں یہ فرق ہے کہ خودنوشت عموماً پیدائش سے تادم مرگ کے پورے عرصے محیط ہوتی ہے اور روزنامچہ ایک مخصوص دور تک محدود رہتا ہے۔

☆ **یادداشت.......**

اس میں اپنی زندگی کے واقعات اور تجربات اس طرح بیان کیے جاتے ہیں کہ دوسرے کئی اشخاص کے بارے میں دلچسپ شخصی معلومات سامنے آجائیں اور ان کی شخصیت کی جھلک نظر آجائے۔

☆ **سفرنامہ......**

اس میں ذاتی نقطہ نظر سے دوسرے مقامات کی سیر کرائی جاتی ہے۔مگر موجودہ دور میں سفرنامے بیرونی ممالک سے مخصوص ہو گئے ہیں۔

☆ **رپورتاژ......**

کسی تقریب، کسی تقریب سے متعلق سفر یا کسی واقعے کا افسانوی، شخصی اور ادبی رنگ سے بیان رپورتاژ کہلاتا ہے۔یہ تخلیقی ادب پارہ ہو ہے۔اس میں دو چار، آٹھ دس دن سے زیادہ کا بیان نہیں ہوتا۔

☆ **خطوط......**

خطوط میں انسان اصلی شکل میں ظاہر ہوتا ہے کیونکہ خط یہ جانتے ہوئے لکھا جاتا ہے کہ اسے شائع نہیں کیا جائے گا۔اس لیے مکتوب ن اور نفسیاتی کیفیت کا سچا آئینہ ہوتا ہے۔

☆ **آثار......**

ادیبوں کی تحریروں کی روشنی میں ان کا شخصی اور نفسیاتی تجزیہ آثار کہلاتا ہے۔اس تجربے کے بانی قاضی عبدالغفار کو سمجھا جاتا ہے۔

# اردو کے فروغ کے لیے کام کرنے والے ادارے

☆ **ادارہ یادگار غالب۔**

1968ء میں کراچی میں بنا۔ مرزا ظفر الحسن اس کے بنانے والوں میں سے تھے۔ 1971ء میں غالب ...

1974ء میں "غالب" مجلہ جاری کیا جس کے موجودہ مدیر رؤف پاریکھ ہیں۔ ادارہ موجودہ صدر ... ہیں۔

☆ **اردو سائنس بورڈ۔**

1962ء میں لاہور میں قائم ہوا۔ اس کے ڈائریکٹر ناصر عباس نیر ہیں۔

☆ **مجلس ترقی ادب لاہور۔**

1954ء میں قائم ہوا۔ موجودہ ناظم تحسین فراقی ہیں۔ "فانوس" اور "صحیفہ" اس ادارے کے مجلے ہیں اور صدر دفتر لاہور ہے۔

☆ **ادارہ فروغ قومی زبان۔**

1979ء کو اسلام آباد میں قائم ہوا۔ اس کا پرانا نام "مقتدرہ قومی زبان" ہے۔ اس کے بانی اشتیاق حسین قریشی تھے۔ اس ادارے کے مجلہ کا نام "اخبار اردو" ہے۔ اور سربراہ افتخار عارف ہیں۔

☆ **اردو لغت بورڈ۔**

اس کا قیام 1958ء میں کراچی میں ہوا۔ مدیر اعلیٰ عقیل عباس جعفری ہیں۔ "اردو نامہ" سہ ماہی ادبی مجلہ ہے۔ اس ادارے کے زیر اہتمام چھپنے والا اردو لغت کی پہلی جلد 1977ء میں اور بائیسویں یعنی آخری جلد 2010ء میں شائع ہوئی۔

☆ **نیشنل بک فاؤنڈیشن۔**

1972ء میں اسلام آباد میں قائم ہوا۔ اس کے ڈائریکٹر انعام الحق جاوید ہیں۔ "کتاب" اس کا رسالہ ہے۔

☆ **انجمن ترقی اردو کراچی۔**

کراچی میں 1949ء میں یہ ادارہ قائم ہوا۔ مولوی عبدالحق اس کے روح رواں تھے۔ موجودہ سربراہ ڈاکٹر فاطمہ حسن ہیں۔

☆ **اردو اکیڈمی بہاول پور۔**

1961ء میں بنا۔ شاہد حسن رضوی سربراہ ہیں۔ "الزبیر" اس کا سہ ماہی جریدہ ہے۔

☆ **اردو رائٹرز گلڈ۔**

یہ ادارہ کراچی میں 1959ء قائم ہوا۔ اور موجودہ دفتر اسلام آباد میں ہے۔

☆ **اکیڈمی ادبیات اطفال لاہور۔**

یہ ادارہ لاہور میں ہے۔ اس کے چیئرمین حافظ مظفر محسن ہیں۔

☆ **بزم اقبال لاہور۔**

یہ ادارہ لاہور میں قائم ہے۔

☆ **غالب ٹرسٹ۔**

یہ ادارہ لاہور میں ہے۔ اس کو تسلیم احمد تصور نے بنایا۔

☆ **اکادمی ادبیات اسلام آباد۔**

1976ء میں قائم ہوا۔ اس کے موجودہ چیئرمین ڈاکٹر یوسف خشک ہیں اور اس کا دفتر اسلام آباد میں ہے۔ "ادبیات ...

# اردو معلومات ـــــ ایک لائن میں

☆ جدید غزل کے عناصر اربعہ "اصغر، جگر، فانی اور حسرت" ہیں۔

☆ "غزل جتنی بدنام ہے اتنی ہی مجھے عزیز ہے" رشید احمد صدیقی نے کہا تھا۔

☆ "غزل بزی کا فرصنف ہے" آل احمد سرور نے کہا۔

☆ "غزل کی گردن بے تکلف مار دینی چاہیے" عظمت اللہ خان نے کہا۔

☆ کلیات ولی میں چھ قصیدے ہیں۔

☆ "نور المعرفت" رسالہ فارسی میں ولی دکنی نے لکھا۔

☆ کلیات ولی کا پہلی دفعہ "گارساں دتاسی" نے ۱۸۳۳ء میں مقدمہ کے ساتھ شائع کیا۔

☆ ولی کے دیوان کا قلمی نسخہ پیرس میں ہے۔

☆ ولی کا دیوان پہلی مرتبہ لندن سے شائع ہوا۔

☆ میر نے لکھنو میں اکتیس سال گزارے۔

☆ میر اپنے دیوان کو جادو کی پڑی کہا کرتے تھے۔

☆ "ذکر میر" میر کی خودنوشت ہے، اس کا اردو ترجمہ نثار احمد فاروقی نے کیا۔

☆ "فیض میر" مختصر فارسی تصنیف ہے، جو میر نے اپنے بیٹے فیض علی کے لیے لکھی تھی۔

☆ خواب وخیال" مثنوی میں میر تقی میر نے اپنی آپ بیتی لکھی۔

☆ "میر خمیر" میر تقی میر کو قائم چاند پوری نے کہا۔

☆ "اردو شاعری کا حافظ" آتش کو عبدالسلام ندوی نے کہا۔

☆ آتش آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے۔

☆ آتش کو کبوتر پالنے کا شوق تھا۔

☆ آتش کی ادبی چشمک ناسخ کے ساتھ رہتی تھی۔

☆ فراق نے آتش کو "اخلاقی شاعری کا بادشاہ" کہا۔

☆ بانو قدسیہ کے چار ناولٹوں کا مجموعہ "چہار چمن" ہے۔

☆ بانو قدسیہ کے ناول "راجہ گدھ، حاصل گھاٹ، شہر لازوال، آباد ویرانے" ہیں۔

☆ مجموعہ "چہار چمن" میں (موم کی گلیاں، پروا، ایک دن، شہر بے مثال) شامل ہیں۔

☆ "ضبط کی دیوار" سلیم اختر کا ناولٹ ہے۔

☆ "خون بہا" سلیم اختر کا ناولٹ ہے۔

☆ "رگ سنگ" انور سجاد کا ناولٹ ہے۔

☆ "شہر بے مثال" میں بانو قدسیہ نے "لاہور شہر" کی زندگی کو موضوع بنایا۔

☆ "موم کی گلیاں" میں بانو قدسیہ نے شہد کی مکھیوں کی سرگرمیوں کو موضوع بنایا۔

☆ "پروا" میں محبت اور دولت کی کشمکش بیان کی گئی ہے۔

☆ "شہر لازوال، آباد ویرانے" بانو قدسیہ کا آخری ناول ہے۔

☆ "رہ گذر" ناول کے چار ذیلی عنوانات ہیں۔

☆ "رہ گذر" ناول کے عنوانات (شام سے پہلے، دن ڈھلے، دن چڑھے، صبح سے پہلے) ہیں۔

☆ "دادیوں فرید" حاصل کمات ناول کا ہیرو ہے، جو کہ بالو قد یہ کا ہے۔

☆ "ڈیپے کی آنکھ، دلدل، ٹکن اپنی اپنی، آدھ رات، نٹ پاتھ کی گھاس، خانہ بدوش، دھوپ جلی" بالو قد یہ کے افسانے ہیں۔

☆ "اردو شاعری کا سیاسی و تاریخی پس منظر ۱۷۰۷ء تا ۱۸۵۷ء" ابوالخیر کشفی کی کتاب ہے۔

☆ نعتیہ مجموعہ "نسبت" اور سفرنامہ حجاز "وطن سے وطن تک" ابوالخیر کشفی کا ہے۔

☆ "یہ لوگ بھی غضب تھے" ابوالخیر کشفی کے خاکے ہیں۔

☆ "یادوں کی دھول، کشاف تنقیدی اصطلاحات، اوزان اقبال" حفیظ صدیقی کی کتابیں ہیں۔

☆ "ریگستان کا سفر" حفیظ صدیقی کی شعری کلیات ہے۔

☆ "یادوں کی دھول" کتاب یادداشتی خاکے ہیں۔

☆ "بابا لک اور بجوک" شعری مجموعہ "ادھوری رفاقتوں کی تھکن" افسانوی مجموعہ حفیظ صدیقی کا ہے۔

☆ "اردو کی ادبی تاریخ کا خاکہ، جامع القواعد، آج کا اردو ادب، بیسویں صدی کا اردو ادب" ابواللیث صدیقی کی کتابیں ہیں۔

☆ "خواب و آگہی، نقش عہد وصال" اسلم انصاری کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ اردو میں رباعیات معرا کا تجربہ اسلم انصاری نے کیا۔

☆ "نظام رنگ" کے عنوان سے اسلم فرخی نے "حضرت نظام الدین اولیا" کا خاکہ لکھا۔

☆ "گل دستہ احباب" اسلم فرخی کے خاکوں کا مجموعہ ہے۔

☆ "ثنا اور طرح کی" نعتیہ مجموعہ ہے، انجم رومانی کا۔

☆ "کوئے ملامت" انجم رومانی کی غزلوں کا پہلا مجموعہ ہے۔

☆ "پس انداز" نظموں کا، اور "دنیا کے کنارے سے" آزاد نظموں کا مجموعہ ہے۔ انجم رومانی کا

☆ انعام الحق کوثر کوئٹہ کالج میں فارسی کے لیکچرر تھے۔

☆ "افکار غالب، اقبال اور ملا" خلیفہ عبدالحکیم کی کتابیں ہیں۔

☆ "زبان کا ارتقا، زبان کا مطالعہ، لسانی مباحث، آواز شناسی" خلیل صدیقی کی کتابیں ہیں۔

☆ خورشید رضوی عربی کے پروفیسر تھے، پہلی تقرری بہاولپور میں ہوئی تھی۔

☆ "شاخ تنہا، رائیگاں، امکان، دیریاب، نسبتیں" خورشید رضوی کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ "یکجا" خورشید رضوی کی کلیات ہے۔

☆ رفیع الدین ہاشمی ۱۹۴۰ء میں چکوال میں پیدا ہوئے۔

☆ "سورج کو ذرا دیکھ" رفیع الدین ہاشمی کا سفرنامہ ہے، جاپان کے بارے میں۔

☆ "صحت املا کے اصول، جامعات میں اردو تحقیق، تذکرہ لالہ صحرائی" رفیع الدین ہاشمی

☆ "معروضات، مغرب کے تنقیدی اصول، تہذیب و تخلیق" سجاد باقر رضوی کی کتابیں

☆ کامل قریشی نے فراق کو "حسن و عشق کا رسیا" کہا۔

☆ "من آنم" فراق کے خطوط کا مجموعہ ہے، جو انھوں نے محمد طفیل کو لکھے۔

☆ "اردو کی عشقیہ شاعری، حاشیے، اردو غزل گوئی، انداز ے" فراق کی تنقیدی کتابیں ہیں

☆ "میں فراق کو اردو غزل کا ایک اہم ستون تسلیم کرتا ہوں" کلیم الدین احمد نے کہا۔

جگر مرادآبادی کے تین شعری مجموعے ہیں۔ (داغِ جگر، شعلۂ طور، آتشِ گل)

☆ "نشترِ یاس، ترانہ، آیاتِ وجدانی" یاس یگانہ کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ "ترانہ" میں رباعیات "چراغِ سخن" میں علم عروض ہے، دونوں کتابیں یاس یگانہ کی ہیں۔

☆ "غالب شکن" اور "غالب کا چچا" یاس یگانہ کو کہتے ہیں۔

☆ "انجمن خاصانِ ادب" یاس یگانہ نے ایک انجمن بنائی تھی۔

☆ "فروزاں، گدازِ شب" معین احسن جذبی کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ "غزل" اور "مشعلِ جاں" مجروح سلطان پوری کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ "غزل" مجموعے کا مقدمہ "علی سردار جعفری" جبکہ پیش لفظ "قاضی عبدالغفار" نے لکھا تھا۔

☆ "ترقی پسند غزل کا نقیب" مجروح سلطان پوری کو کہتے ہیں۔

☆ "کاغذی پیراہن، نیا عہد نامہ، زندگی اے زندگی" خلیل الرحمان اعظمی کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ "گھر آنگن" جاں نثار اختر کی رباعیوں کا مجموعہ ہے۔

☆ قطب مشتری کو سب سے پہلے "مولوی عبدالحق" نے مرتب کیا۔

☆ گولکنڈہ کی پہلی طبع زاد مثنوی "قطب مشتری" ہے۔

☆ سجاد باقر رضوی نے پچیس سال تک اورینٹل کالج میں پڑھایا۔

☆ سجاد باقر رضوی کو دمے کی بیماری تھی، وہ لاہور میں ماڈل ٹاؤن قبرستان میں دفن ہیں۔

☆ "تیشۂ لفظ" سجاد باقر رضوی صاحب کا پہلا شعری مجموعہ ہے، اس میں ۶۳ غزلیں ہیں۔

☆ "علامتوں کے سرچشمے، طرزیں، طرفیں، تعبیریں" سہیل احمد خان کی کتابیں ہیں۔

☆ "سورج سوچ اور سائے، لمحوں کا صحرا" شریف کنجاہی کے اردو شعری مجموعے ہیں۔

☆ پاکستان کا پہلی پنجابی سے پنجابی لغت "مختصر پنجابی لغت" شریف کنجاہی نے تیار کیا۔

☆ بانو قدسیہ کے افسانوی مجموعے (بازگشت، دوسرا دروازہ، آتش زیرپا، امربیل، سامان وجود، ناقابل ذکر) ہیں۔

☆ "دل دل پاکستان" ملی ترانہ نثار ناسک نے لکھا۔

☆ فانی بدایونی کے چار شعری مجموعے ہیں۔

☆ رشید احمد صدیقی نے فانی بدایونی کو "یاسیات کا امام" کہا تھا۔

☆ "شعروشاعری، موازنہ نظم و غزل" فانی بدایونی کی نثری کتابیں ہیں۔

☆ "اردو شاعری کا آسکر وائلڈ" ڈاکٹر حسن نے "فراق" کو کہا۔

☆ "اردو شاعری کا جانسن" بھی فراق کو محمد حسن نے کہا۔

☆ "ملا وجہی" نے چار بادشاہوں کا زمانہ دیکھا۔ (ابراہیم قطب شاہ، محمد قلی قطب شاہ، محمد قطب شاہ، عبداللہ قطب شاہ)

☆ "ملا وجہی" عبداللہ قطب شاہ کا درباری شاعر تھا۔

☆ "قطب مشتری" ۱۶۰۹ء میں جبکہ "سب رس" ۱۶۳۵ء میں لکھی گئی۔

☆ "نصرتی" علی عادل شاہ کا درباری شاعر تھا۔

☆ "نصرتی" نے تین بادشاہوں کا زمانہ دیکھا۔ (محمد عادل شاہ، علی عادل شاہ ثانی، سکندر عادل شاہ)

☆ "علی نامہ" مثنوی ۱۶۶۵ء میں لکھی گئی۔

☆ "جوگی، رانی ستونتی، بلبل، ملک آرا" مثنوی پھول بن کے کردار ہیں۔

☆ میر اثر کی مثنوی ''خواب وخیال'' کو مولوی عبدالحق نے مرتب کیا۔

☆ ''قید خانہ، میرا کمرہ، گزرے دنوں کی یاد'' احمد علی کے افسانے ہیں۔

☆ ''جواں مردی'' محمود الظفر کا افسانہ ہے جو ''انگارے'' مجموعہ میں شامل ہے۔

☆ ''مہالکشمی کا پل، کالو بھنگی، پکچرا بابا'' مشہور افسانے کرشن چندر کے ہیں۔

☆ ''بھولا، لاجونتی، گرم کوٹ، صرف ایک سگریٹ'' مشہور افسانے راجندر سنگھ بیدی کے ہیں۔

☆ ''میرا نوتا، وصال'' نظمیں بلراج کومل کی ہیں۔

☆ ''نوحے تخت لاہور کے'' تبسم کاشمیری کی کتاب ہے، نظموں پر مبنی۔

☆ نثری نظموں کا پہلا مجموعہ ''پگھلا نیلم'' سجاد ظہیر کا ہے۔

☆ ''دوہے'' میں دو مصرعے ہوتے ہیں، دونوں ہم قافیہ وردیف، مطلع کی طرح۔

☆ ''ماہیے'' میں تین مصرعے ہوتے ہیں، پہلا مصرعہ غیر متعلقہ ہوتا ہے مگر تیسرے مصرعے کے ساتھ قافیہ اور ردیف میں مطابقت رکھتا

☆ موجودہ دور میں ''امجد اسلام امجد، سیدہ حنا، نصیر احمد ناصر'' ماہیا نگار ہیں۔

☆ ''نظمانہ'' صنف کو اردو میں محسن بھوپالی نے متعارف کروایا۔

☆ ''آزاد نظم'' کو سب سے پہلے اردو میں ''مظہر امام'' نے متعارف کروایا۔

☆ ''فارقلیط، من حمنا'' نعتیہ مجموعے عبدالعزیز خالد کے ہیں۔

☆ ''منزل منزل، بھٹی کی مونالیزا'' اے حمید کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ ''بند گلی، نغمہ اور آگ'' غلام الثقلین نقوی کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ حسرت موہانی کے کل تیرہ دیوان ہیں، اور داغ دہلوی کے چار دیوان ہیں۔

☆ آتش کے دو دیوان ہیں، اور بہادر شاہ ظفر کے پانچ دیوان ہیں۔

☆ غالب کے تین جبکہ مصحفی کے آٹھ دیوان ہیں۔

☆ میر تقی میر کے چھے دیوان ہیں۔

☆ ''من لیستم'' مرزا محمد عسکری کی خود نوشت ہے۔

☆ ''شہر کے لوگ، آرسی'' فرخندہ لودھی کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ ''زرد پتوں کا بن، انگلیاں فگار اپنی'' اختر جمال کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ ''اندھیرے اجالے، کھیل، ہائے اللہ'' حاجرہ مسرور کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ ''بوچھاڑ، تھکے ہارے، چند روز اور، ٹھنڈا میٹھا پانی'' خدیجہ مستور کے افسانوی مجموعے ہیں۔

☆ ''طوفان کی کلیاں، آسمان روشن ہے'' کرشن چندر کے ناول ہیں۔

☆ ''ایک قطرہ خون'' عصمت چغتائی کا جبکہ ''حسرت عرض تمنا'' فرخندہ لودھی کا ناول ہے۔

☆ ''گھر میرا راستے، غم کے لڑکی، اک دل کے ویرانے میں'' رشیدہ رضویہ کے ناول ہیں۔

☆ ''چاند پور کی نینا'' غلام الثقلین نقوی کا ناول ہے۔

☆ ''جھوک سیال'' سید شبیر حسین کا ناول ہے۔

☆ ''شب گزیدہ، دارالشکوہ، صلاح الدین ایوبی'' کے ناول ہیں۔

☆ دکن کی سیاست پر لکھا جانے والا ناول ''ایوان غزل'' جیلانی بانو کا ہے۔

☆ ''پریشر ککر، ایمرجنسی'' ناول صدیق سالک کے ہیں۔

☆ ''نادیدہ'' جوگندر پال جبکہ ''ہمیں اردوہ'' انیس ناگی کا ناول ہے۔

☆ ''خوشیوں کا باغ، جنم روپ'' انور سجاد کے ناول ہیں۔

☆ ''جنم کنڈلی'' فہیم اعظمی کا جبکہ ''مرگِ شب'' اکرام اللہ کا ناول ہے۔

☆ ''ندی'' انور غالب کا جبکہ ''مہمان بہار'' اشفاق احمد کا ناول ہے۔

☆ ''سیاہ برف'' سائرہ ہاشمی کا جبکہ ''آنچ'' مناظر عاشق ہرگانوی کا ناول ہے۔

☆ ''ایک آوارہ کی خاطر'' بشریٰ رحمان کا جبکہ ''بھٹکے ہوئے لوگ'' ہرچرن چاولہ کا ناول ہے۔

☆ اردو شاعری کی پہلی تاریخ ''آبِ حیات'' کا کہتے ہیں۔

☆ انجمن ترقی اردو کے پہلے صدر ''آرنلڈ'' اور سیکرٹری ''شبلی'' تھے۔

☆ مولوی عبدالحق ۱۹۱۲ء میں انجمن ترقی اردو کے سیکرٹری بنے۔

☆ انجمن ترقی اردو ۱۹۴۸ء میں کراچی منتقل ہوئی۔ اور اردو کالج ۱۹۴۹ء میں بنا۔

☆ ''صید زبوں'' مختصر ناول مجنوں گورکھپوری کا ہے۔

☆ ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' سجاد حیدر یلدرم کی تصنیف ہے۔

☆ ''انیس شناسی'' گوپی چند نارنگ کی کتاب ہے۔

☆ ''فانوسِ خیال'' عبدالمجید سالک کا رسالہ تھا جو وہ پٹھان کوٹ سے نکالتے تھے۔

☆ ''رومان'' رسالہ لاہور سے اختر شیرانی نکالا کرتے تھے۔ 1934

☆ ''دیکھو مجھے'' اعجاز صدیقی کی خودنوشت ہے۔

☆ ''ایک محبت سو ڈرامے، ایک محبت سو افسانے، من چلے کا سودا، چنگیز خان کے سنہری شاہین'' اشفاق احمد کی تصانیف ہیں۔

☆ ''خدوخال اقبال'' محمد امین زبیری کی کتاب ہے،

☆ ''چالیس چہرے'' رفیق ڈوگر کے خاکے ہیں۔

☆ ''زندہ رود'' کی تین جلدیں ہیں، جسٹس جاوید اقبال کی کتاب ہے۔

☆ ''مٹھو بھٹیارہ، گنجے نہاری والے'' اشرف صبوحی کے خاکے ہیں۔

☆ ''نایک'' اور ''امیر خسرو'' کا خطاب امیر خسرو کو علاؤالدین خلجی نے دیا تھا۔

☆ امیر خسرو دہلی میں دفن ہیں۔

☆ ''کینگرو کے دیس میں'' ضمیر جعفری کا سفرنامہ ہے۔

☆ ''مسدس بدحالی'' شاعری جبکہ ''نظر غبارے'' صحافتی کالم کا مجموعہ ضمیر جعفری کا ہے۔

☆ ''سفرنامہ + حسرنامہ'' ضمیر جعفری کی نثری کتاب ہے۔

☆ ''بادشمال'' ضمیر جعفری کا رسالہ تھا جو راولپنڈی سے نکالا کرتے تھے۔

☆ ''کھلیان'' ضمیر جعفری کی سنجیدہ شاعری پر مبنی کتاب ہے۔

☆ ضمیر جعفری آرمی سے میجر کے رینک سے ریٹائر ہوئے۔

☆ ''میرے خواب ریزہ ریزہ'' احمد فراز کے منظوم ڈرامے ہیں۔

☆ ''امی کا دن، پرانے ٹھگ'' رضا علی عابدی کی کتاب ہے۔

☆ ''سنگھاسن بتیسی'' ناول انتظار حسین کا ہے۔

☆ ''اقبال کا جہانِ نو'' زاہد منیر عامر کی جبکہ ''کھوج'' گیان چند کی کتاب ہے۔

☆ "ردِ عمل در ممنوعات" "انعام الحق جاوید" کی جبکہ "صبح صد رنگ" ناہید قاسمی کی کتاب ہے۔

☆ "سرمایہ اردو" محمود شیرانی کی جبکہ "فرہنگ ادبی اصطلاحات" کلیم الدین احمد کی کتاب ہے۔

☆ برصغیر میں سب سے پہلے عثمانیہ یونیورسٹی نے اردو کو اپنایا۔

☆ "اکتساب و احتساب" قمر الہدیٰ فریدی کی کتاب ہے۔

☆ "دارورسن" باقی صدیقی کا مجموعہ ہے۔

☆ "تنقیدی اصول اور نظریے" حامد اللہ افسر کی کتاب ہے۔

☆ "اردو شعراء کے تذکرے اور تذکرہ نگاری" فرمان فتح پوری کی کتاب ہے۔

☆ "بیتی کہانی" کے مرتب شہر بانو بیگم اور معین الدین عقیل ہیں۔

☆ رسالہ "زیب النساء" لاہور سے نکلتا تھا۔

☆ "صدا ہوں اپنے پیار کی" فلم انارکلی میں گایا گیا گیت ہے اس کو قتیل شفائی نے لکھا۔

☆ "زندگی میں تو سبھی پیار کیا کرتے ہیں" گیت کے خالق قتیل شفائی ہیں۔

☆ "نگاہیں ملا کر بدل جانے والے" گیت کے خالق قتیل شفائی ہیں۔

☆ "ہم سفر" خودنوشت جمیل جالبی کے کہنے پر حمیدہ اختر حسین رائے پوری نے لکھی۔

☆ "شنبہ" ہفتے کو۔ "دوشنبہ" اتوار کو۔ "سہ شنبہ" سوموار کو۔ "چہار شنبہ" منگل کو کہتے ہیں۔

☆ "مینوں لے چلے بابلا" عزیز احمد کا افسانوی مجموعہ ہے۔

☆ دہلی کالج کے پہلے پرنسپل "ڈاکٹر اشپرنگر" تھے۔

☆ "داستان گو اشفاق احمد" اے حمید کی کتاب ہے۔

☆ "سانحہ کربلا بطور شعری استعارہ" گوپی چند نارنگ کی کتاب ہے۔

☆ "کچھ نئے اور پرانے شاعر، کچھ نئے اور پرانے افسانہ نگار" اے بی اشرف کی کتابیں ہے۔

☆ "غالب آشفتہ نوا" آفتاب احمد کے مضامین ہیں۔

☆ "صدا کر چلے، دعا کر چلے" جمیل الدین عالی کی کتابیں ہیں۔

☆ "پس دیوار زنداں" یادداشتوں پر مبنی شورش کاشمیری کی جبکہ "روزنِ دیوار سے" عطاء الحق قاسمی کی

☆ "سخنور" پاکستان کے شعراء کا تذکرہ ہے، سلطانہ مہر کا۔

☆ "انگلیاں فگار اپنی" دلاور فگار کا شعری مجموعہ ہے۔

☆ "کاکلوت" کا مطلب خواہش ہے۔

☆ "فرنود" جون ایلیا کے مضامین کا مجموعہ ہے، اور "شاید" مجموعہ کا پیش لفظ "نیازمندانہ"

☆ افلاطون "عینیت" جبکہ ارسطو "واقعیت" کا قائل تھا۔

☆ "کال کوٹھڑی" حمید اختر کی کتاب ہے۔

☆ "اس نے کہا آوارگی" محسن نقوی کے بارے کتاب ہے، اس کے مرتب اف

☆ "کربِ ناتمام" محسن نقوی کے بارے میں کتاب ہے، اس کے مرتب شاہد

☆ "گونگی نظمیں" منظور حسین یاد کی کتاب ہے۔

☆ "کانِ نمک" مجید لاہوری کا شعری مجموعہ ہے، جبکہ "من موج" طارق سعید ہا

☆ "شخص و عکس" حمایت علی شاعر کی تنقیدی کتاب ہے۔

Mahar Online Composing Center Chishtian 0303-761-96-93



☆ ''نابالغ شاعری ایک مثال مذ[illegible]'' [illegible] کی کتاب ہے۔

☆ محسن نقوی کا اصل نام ''سید غلام عباس'' تھا، وہ ڈیرہ غازی خان میں ۱۹۴۷ء میں پیدا ہوئے۔

☆ ''بند قبا، برگ صحرا، ریزہ حرف، عذاب دید، طلوع اشک، خیمہ جاں، موج ادراک'' محسن نقوی کے مجموعے ہیں۔

☆ محسن نقوی کو ۱۹۹۶ء میں لاہور میں فائرنگ سے قتل کر دیا گیا تھا۔

☆ اشفاق احمد ۲۲ اگست ۱۹۲۵ کا فیروز پور بھارت میں پیدا ہوئے تھے۔

☆ اشفاق احمد نے اٹلی کی روم یونیورسٹی سے فرانسیسی زبان میں ڈپلومہ کیا۔

☆ اشفاق احمد روم یونیورسٹی میں اردو کے استاد رہے۔

☆ ''ہفت روزہ لیل و نہار'' کی ادارت بھی اشفاق احمد کرتے تھے۔

☆ اشفاق احمد ضیاء الحق دور میں وفاقی وزیر تعلیم کے مشیر بھی رہے۔

☆ ''توتا کہانی'' اشفاق احمد کی ڈراما سیریز ہے اسی طرح ''ایک محبت سو ڈرامے'' بھی۔

☆ ہفتہ وار فیچر پروگرام ریڈیو سے ''تلقین شاہ'' بھی چلاتے رہے۔

☆ ''حسرت تعمیر، کھٹیا وٹیا، ننگے پاوں، سفر مینا، اچے برج لاہور دے، وداع جنگ'' اشفاق احمد کی تصانیف ہیں۔

☆ ''کھیل تماشا، مہمان بہار'' اشفاق احمد کے ناول ہیں۔

☆ ''کھٹیا وٹیا'' اشفاق احمد کی پنجابی شاعری ہے۔ اشفاق احمد کی وفات جگر کی رسولی کی وجہ سے ۷ ستمبر ۲۰۰۴ء میں لاہور میں ہوئی۔

☆ ''نئی نظم کے تقاضے'' جیلانی کامران کی کتاب ہے۔

☆ ''نئی نظم اور پورا آدمی'' سلیم احمد کی کتاب ہے۔

☆ ''اردو میں قطعہ نگاری'' خواجہ ذکریا کی کتاب ہے۔

☆ ''یادگار حشر'' جمیل احمد کی کتاب ہے۔

☆ ''جاڑے کی چاندنی'' غلام عباس کا افسانوی مجموعہ ۱۹۶۰ء میں کراچی سے سجاد کامران نے شائع کروایا اس میں ۱۴ [illegible]

☆ ''میرامن سے یلدرم تک'' افتخار حسین کی کتاب ہے، اور ''معانی الفاظ غالب'' نذیر احمد ایم اے کی کتاب ہے۔

☆ ''استانزے، نقش کف پا'' جیلانی کامران کی کتابیں ہیں۔

☆ ''ہفت رنگ'' نظم پشاور شہر کے بارے تاج سعید نے لکھی۔

☆ ''تمہیں جانے کی جلدی تھی، گل موسم خزاں'' ایوب خاور کے شعری مجموعے ہیں۔

☆ ''اردو نثر کی داستان، اردو شعر کی داستان'' اے حمید کی کتابیں ہیں۔

☆ ''آثار الصنادید'' کو خلیق انجم نے تحقیقی مقدمہ کے ساتھ 1990 میں دہلی سے شائع کیا۔